عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز ہفتہ 26 ستمبر 2026ء/ 13 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 178

وفاق یا پاکستان مزید احتجاج و دھرنوں کا متحمل نہیں ہو سکتا

خواجہ آصف

اسلام آباد ایک بڑی اسلامی اور ایٹمی ریاست کا دارالخلافہ ہے پی ٹی آئی والے اسلام آباد کو سومنات سے تشبیہ دے رہے ہیں، کیا ان کے بھی عزائم وہی ہیں وفاق یا پاکستان اس طرح کی چیزوں کا متحمل نہیں ہوسکتا

معاہدے کا ڈھانچہ مکمل ہونے کے بعد اگر کسی نئے ملک کی شمولیت کی خواہش سامنے آتی ہے تو تینوں رکن حکومتیں اس پر غور کر سکتی ہیں اقوام متحدہ سمیت کسی بھی عالمی فورم پر بھارت کو بے نقاب کرنے کا کوئی موقع ضائع نہیں کیا جائے گا

نیویارک (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے پاکستان تحریک انصاف والے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو سومنات کے مندر سے تشبیہ دے رہے ہیں لیکن یہ ان کی آخری کوشش ہوگی، اس کے بعد یہ لوگ اس طرح کا رخ نہیں کر سکیں گے۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کے وفد میں شامل وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ یہ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

امریکا چین نیا تجارتی انتظام عالمی معیشت کیلئے اچھی خبر ہے، چین

چین اور امریکا عظیم ممالک ہیں، دونوں ملکوں کے عوام عظیم لوگ ہیں' صدر شی

واشنگٹن (جی این ایم) چینی صدر شی کا کہنا ہے کہ امریکا چین نیا تجارتی انتظام عالمی معیشت کیلئے اچھی خبر ہے، چین اور امریکا عظیم ممالک ہیں، دونوں ملکوں کے عوام عظیم لوگ ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں چینی (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

غزہ حملے کے بعد ابراہم معاہدے میں شامل ممالک کی پہلی میٹنگ

اجلاس میں امریکا، اسرائیل، متحدہ عرب امارات، بحرین اور مراکش کے نمائندے شریک ہوئے

نیویارک (جی این ایم) 7 اکتوبر 2023 کے بعد ابراہم معاہدے میں شامل ممالک کی پہلی باضابطہ مشترکہ میٹنگ نیویارک میں ہوئی۔ یہ اجلاس اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

نوشکی، آر سی ڈی شاہراہ پر فائرنگ سے دو افغان مہاجرین جاں بحق، چار زخمی

احمد وال کے مقام پر نامعلوم افراد کی گاڑی پر فائرنگ، لاشوں اور زخمیوں کو پنجگنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس

نوشکی (جی این ایم) نوشکی میں آر سی ڈی شاہراہ N-40 پر احمد وال کے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

قیمتو قف پر قائم 27 ستمبر کی تحریک مؤخر نہیں ہوگی محمود اچکزئی

27 ستمبر کو پی سمیت دیگر صوبوں میں تحریک شروع ہوگی اور تحریک آہستہ آہستہ اسلام آباد کی جانب بڑھے گی، اپوزیشن لیڈر


سیاسی اور آئینی معاملات کا حل جمہوری جدوجہد، آئین کی بالادستی اور سیاسی قوتوں کے باہمی مشاورت کے ذریعے نکالا جانا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی قیادت نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو لانگ مارچ اکتوبر تک ملتوی کرنے کی تجویز پیش کر دی تاہم اچکزئی نے اسے ملتوی کرنے سے انکار کر دیا اور کہا ہے کہ موقف پر قائم ہیں مارچ ملتوی نہیں ہوگا۔ نجی نیوز چینل نے بتایا ہے کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

ہرنائی گورنمنٹ ہائی اسکول شہید شئین گل خان ترین کے نام سے منسوب کرنے کا فیصلہ

حکومت بلوچستان شہداء کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (جی این ایم) حکومت بلوچستان نے ہرنائی کے جنرل سیکرٹری شہید شئین گل خان ترین کے نام سے منسوب کرنے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)



نیویارک، وزیراعظم محمد شہباز شریف اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کر رہے ہیں

صوبے کی ترقی کیلئے انسانی وسائل کی استعداد کار میں اضافہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے، وزیراعلیٰ

نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کر کے ترقی کے عمل کا فعال حصہ بنایا جا سکتا ہے

میر سرفراز بگٹی سے انسٹی ٹیوٹ فار ڈویلپمنٹ اسٹڈیز اینڈ پریکٹسز (آئی ڈی ایس پی) کی سربراہ ڈاکٹر قرالعین بختیاری کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے انسٹی ٹیوٹ فار ڈویلپمنٹ اسٹڈیز اینڈ پریکٹسز (آئی ڈی ایس پی) کی سربراہ ڈاکٹر قرالعین بختیاری نے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں انسانی وسائل کی ترقی، نوجوانوں کی تعلیم و تربیت، کمیونٹی ڈویلپمنٹ، خواتین کی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

آزاد کشمیر میں 20 ارب روپے کے پیکیج اور 100 روزہ منصوبے پر عمل ہوگا' امیر مقام

پونچھ سے صدر کا انتخاب ہونے سے وہاں ایک مثبت پیغام گیا' وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ کشمیر کے بارے میں نواز شریف اور مریم نواز کے اعلانات پر عمل ہو گا، 20 ارب روپے کے پیکیج اور 100 روزہ منصوبے پر آزاد کشمیر میں حکومت عمل کرے گی۔ اسلام آباد میں نیوز (باقی صفحہ 2 نمبر 8)



خلیج کا بحران ہمارے لیے مشکل مرحلہ ہے

وزیراعظم

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو معدنی وسائل سے بے پناہ نوازا ہے پاکستان میں بڑے پیمانے پر ساختی اور پالیسی سطح کی اصلاحات کی جا رہی ہیں، شہباز شریف

نیویارک (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ خطے میں امن کے لیے ضروری ہے آبنائے ہرمز میں تجارتی سرگرمیوں کی آزادی ہو۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ان کی یو این کے سیکریٹری جنرل سے ملاقات ہوئی، یو این کے سیکریٹری جنرل 6 اکتوبر کو پاکستان تشریف آئیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان قیام امن کے لئے ماضی کی طرح خدمات انجام دینے کے لیے تیار ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے مشکل مرحلہ ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے نیویارک میں امریکا کی بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اور امریکا پاکستان بزنس کونسل کے وفود نے ملاقات کی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، فائنانس، مشروبات، مینو فیکچرنگ، ادویات، آرگینک پراڈکٹس اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی کاروباری شخصیات وفد میں شریک تھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی کاروبار و سرمایہ کاری دوست پالیسیوں اور حکومت کے مختلف شعبوں کی ترقی کیلئے اقدامات (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

موسمیاتی اہلاف کے ثمرات عوام اور مقامی کمیونٹیز تک پہنچنے چاہیے، وزیر خزانہ

موسمیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل تک رسائی بھی ضروری ہے، ملکی سطح پر منصوبوں کو عملی شکل دینے کی صلاحیت بڑھانا ہوگی

اقدام کو صرف بات چیت تک محدود نہیں رہنا چاہیے، عملی اقدامات پر اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا' محمد اورنگزیب

نیویارک (جی این ایم) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ موسمیاتی اہداف کے ثمرات عوام اور مقامی کمیونٹیز تک پہنچنے چاہیے۔ موسمیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے مضبوط پالیسی ضروری ہے۔ نیویارک میں موسمیاتی تبدیلی سے متعلق کانفرنس سے خطاب میں وزیر خزانہ محمد (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر خارتار کوئٹہ کے تعمیراتی منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس

ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر منصوبے کی رپورٹ منظوری کیلئے متعلقہ فورم کو پیش کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) تعمیراتی منصوبے ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر خارتار کوئٹہ کا پیش رفت کا جائزہ اجلاس سیکریٹری صحت وافرادی قوت بلوچستان صالح محمد ناصر کے زیر صدارت اجلاس کے انکے دفتر بلوچستان سول سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں تعمیراتی منصوبے ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر خارتار علمدار روڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

گوادر پورٹ سے ٹیکس محصولات کی صلاحیت سے بھرپور استفادے کیلئے اداروں میں تعاون پر زور

گوادر میں کاروباری سرگرمیوں، ڈیجیٹلائزیشن اور ٹیکس انتظامیہ میں شفافیت کیلئے اقدامات

گوادر (خ ن) گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے درمیان باہمی تعاون، گوادر میں کاروباری سرگرمیوں اور ٹیکس محصولات کے ممکنہ صلاحیت پر تبادلہ خیال کو ئٹہ: چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی نور الحق بلوچ نے آج چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر میں کاروباری سرگرمیوں، گوادر پورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ اور امام بارگاہوں پر سیکورٹی انتہائی سخت

نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

خیبر پختونخوا حکومت دہشتگردوں کی سہولت کاری کر رہی ہے، عطاء تارڑ

پی ٹی آئی والے بزدل لوگ، اسی لیے دھرنا دینے سے بھاگ گئے، ان کی لانگ مارچ کی کوئی تیاری ہی نہیں تھی

دہشت گردوں نے تمام سیاسی جماعتوں پر حملے کیے مگر تحریک انصاف دہشت گردوں کی منظور نظر رہی ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے بزدل لوگ ہیں اسی لیے دھرنا دینے سے بھاگ گئے ان کی کوئی تیاری نہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورتحال سب کے سامنے ہے، صوبائی حکومت نہ صرف حالات سے لاعلم ہے بلکہ امن وامان کو برقرار رکھنے کے حوالے سے اقدامات لینے سے بھی گریزاں ہے، صوبائی حکومت دہشت گردوں کی سہولت کاری کر رہی ہے، دہشت گردوں نے تمام سیاسی جماعتوں پر حملے کیے مگر تحریک انصاف دہشت گردوں کی منظور نظر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف دہشت گردوں کی مذمت کرنے اور ان کے خلاف کارروائی سے گریزاں رہتی ہے، دہشت گردوں کی سہولت کاری ان کی پالیسی کا حصہ ہے، پی ٹی آئی تحریک (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

وزیراعظم شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی ملاقات

اقوام متحدہ کا دہشت گردی کے خلاف جنگ اور عالمی امن کیلئے پاکستان کی خدمات اور قربانیوں کا اعتراف

نیویارک (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیراعظم نے کثیر الجہتی نظام کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے عالمی امن و ترقی کے فروغ میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

سیکیورٹی فورسز کی فتنۃ الہندوستان کیخلاف کامیاب کارروائی، ایک دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز نے مصدقہ اطلاعات پر پاک ایران سرحد کے قریب دہشتگردوں کی نقل وحرکت کا پتہ لگایا' ذرائع

کوئٹہ (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں فتنۃ الہندوستان کے دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائیاں جاری ہیں جب کہ ضلع کیچ کے علاقے مزابند ریچ میں فتنۃ الہندوستان کا ایک دہشتگرد ہلاک کر دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے مصدقہ اطلاعات پر پاک ایران سرحد کے قریب دہشتگردوں کی نقل وحرکت کا پتہ لگایا، سیکیورٹی فورسز نے بروقت (باقی صفحہ 2 نمبر 21)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایمل گران اچکزئی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

وزیراعظم کی ایرانی صدر سے ملاقات، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات میں پاک ایران تعلقات اور خطے کی صورتحال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

ایران پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے، ایرانی صدر کے ساتھ ملاقات بہت اچھی رہی، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف نہیں، شہباز شریف

نیویارک (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات ہوئی، جس میں پاک ایران تعلقات اور خطے کی صورتحال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی شریک تھے۔ دونوں رہنماؤں (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ووٹ ذات یا صورت نہیں، کارکردگی دیکھ کر دیا کریں: طلال چودھری

اس آدمی کے حق میں آواز اٹھائیں جو بہتر کام کر سکتا ہے ووٹ دیتے ہوئے ذات کو نہ دیکھا جائے

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس آدمی کے حق میں آواز اٹھائیں جو بہتر کام کر سکتا ہے۔ طلال چودھری نے کہا کہ ووٹ دیتے ہوئے ذات کو نہ دیکھا جائے، صورت نہیں کارکردگی دیکھ کر ووٹ دیا کریں۔ وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ پاکستان کی بہتری کیلئے ووٹ دیں، ووٹ کے ذریعے بہتر کام کرنے والے شخص کا انتخاب کریں۔ طلال چودھری نے کہا کہ دیگر شہروں کی طرح اسلام آباد میں بھی مسائل ہیں، (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

شیرانی میں کھلی کچہری، عوام نے تعلیم، صحت، سڑکوں اور پانی کے مسائل پیش کر دیئے

عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے متعلقہ محکموں کو مؤثر اقدامات کی ہدایت

شیرانی (خ ن) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر آج شیرانی ٹاؤن میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شیرانی عبدالستار شیرانی کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر شیرانی حبیب الرحمان ناصر سمیت تمام متعلقہ محکموں کے ہیڈز اور افسران نے شرکت کی، جبکہ علاقے کے عوام کی بڑی تعداد نے بھی کھلی کچہری میں شرکت کر کے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

گوادر پولیس کے 278 کانسٹیبلان کا اے ون امتحان یونیورسٹی آف گوادر میں منعقد

گوادر پولیس کے اے ون امتحان میں میرٹ، شفافیت اور نظم و ضبط کو یقینی بنایا گیا

گوادر (خ ن) ضلع گوادر پولیس کے پولیس کانسٹیبلان کا A-1 امتحان یونیورسٹی آف گوادر کے ہال میں منعقد ہوا۔ امتحان کی نگرانی ایس ایس پی گوادر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) عطا الرحمن PPM-PSP نے کی۔ امتحان میں ضلع گوادر پولیس کے 278 پولیس کانسٹیبلان نے شرکت کی اس امتحانی عمل کے دوران شفافیت، میرٹ، نظم و ضبط اور محکمانہ ضابطہ کار کو خصوصی اہمیت دی گئی جبکہ امیدواروں کے لیے ضروری انتظامات کو بھی یقینی بنایا گیا۔ امتحان کا انعقاد پر (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

بلوچستان ہائی کورٹ کا بڑا فیصلہ، نادرا کی جانب سے شناختی کارڈز بلاک کرنے کا اقدام کالعدم

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان ہائی کورٹ کے معزز ڈویژن بینچ نے آئینی درخواست No. **C.P. 1162 / **2026 پر فیصلہ سناتے ہوئے نادرا کی جانب سے پیشنرز کے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

علیمہ خان کیخلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ موخر

راولپنڈی (جی این ایم) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر (باقی صفحہ 2 نمبر 27)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو آئی ڈی ایس پی کی سربراہ ڈاکٹر قرالعین بختیاری ادارے کی پریزنٹیشن پیش کر رہی ہیں

وزیراعظم کی ایرانی صدر سے ملاقات، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات میں پاک ایران تعلقات اور خطے کی صورتحال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

ایران پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے، ایرانی صدر کے ساتھ ملاقات بہت اچھی رہی، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف نہیں، شہباز شریف

نیویارک (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات ہوئی، جس میں پاک ایران تعلقات اور خطے کی صورتحال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی شریک تھے۔ دونوں رہنماؤں (باقی صفحہ 2 نمبر 25)



نیویارک، وزیراعظم محمد شہباز شریف پرنس رحیم آغا سے ملاقات کر رہے ہیں

صوبے کی ترقی کیلئے انسانی وسائل کی استعداد کار میں اضافہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے، وزیراعلیٰ

نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کر کے ترقی کے عمل کا فعال حصہ بنایا جا سکتا ہے

میر سرفراز بگٹی سے انسٹی ٹیوٹ فار ڈویلپمنٹ اسٹڈیز اینڈ پریکٹسز (آئی ڈی ایس پی) کی سربراہ ڈاکٹر قرالعین بختیاری کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے انسٹی ٹیوٹ فار ڈویلپمنٹ اسٹڈیز اینڈ پریکٹسز (آئی ڈی ایس پی) کی سربراہ ڈاکٹر قرالعین بختیاری نے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں انسانی وسائل کی ترقی، نوجوانوں کی تعلیم و تربیت، کمیونٹی ڈویلپمنٹ، خواتین کی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

آزاد کشمیر میں 20 ارب روپے کے پیکیج اور 100 روزہ منصوبے پر عمل ہوگا' امیر مقام

پونچھ سے صدر کا انتخاب ہونے سے وہاں ایک مثبت پیغام گیا' وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ کشمیر کے بارے میں نواز شریف اور مریم نواز کے اعلانات پر عمل ہو گا، 20 ارب روپے کے پیکیج اور 100 روزہ منصوبے پر آزاد کشمیر میں حکومت عمل کرے گی۔ اسلام آباد میں نیوز (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کوئٹہ، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سوشو پولیٹیکل اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر خضدار کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کھنڈ کا تفصیلی دورہ

خضدار، اسکول میں تعلیمی ماحول اور طلبہ کی کارکردگی پر ڈپٹی کمشنر کا اظہار اطمینان

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسو لی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نیاز اللہ سالانی کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کھنڈ کا تفصیلی دورہ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کنڈ کے دورے کے دوران اسکول کی لائبریری، کمپیوٹر و ڈیجیٹل لیب، سائنس لیب اور تمام کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف جماعتوں میں جا کر طلبہ سے تعلیمی حوالے سے سوالات کیے اور ان کی علمی استعداد، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

جیونی میں مقامی وفد اور ماہی گیروں کی اسسٹنٹ کمشنر سے ملاقات، مسائل پر تبادلہ خیال

عوامی مسائل کا بروقت ازالہ اور ماہی گیروں کیلئے سازگار ماحول ترجیحات میں شامل ہے، اسسٹنٹ کمشنر

جیونی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر طارق امام بلوچ سے ان کے دفتر میں شے آباد سے تعلق رکھنے والے وفد اور مقامی ماہی گیروں کے وفد نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران علاقے کے مختلف مقامی مسائل، عوامی ضروریات، بنیادی سہولیات اور ماہی گیروں کو درپیش مسائل سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جیونی کے علاقے شے آباد کے وفد نے اسسٹنٹ کمشنر کو علاقے کے مختلف مسائل اور عوامی ضروریات سے آگاہ کیا، جبکہ نا کو غلام نبی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایڈووکیٹ عطاء اللہ لانگو ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، قائمہ کمیٹی برائے محکمہ کان کنی و معدنی ترقی کا اجلاس 29 ستمبر کو طلب کر لیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ کان کنی و معدنی ترقی کا اہم اجلاس بروز منگل، 29 ستمبر 2026 کو صبح 11:00 بجے منعقد ہوگا۔ اجلاس میں محکمہ سے متعلقہ امور، معدنی وسائل کے فروغ اور دیگر (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

بجلی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم سے متعلق قانون میں ترامیم کی مشروط منظوری

اسلام آباد (جی این ایم) کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی (سی سی ایل سی) نے بجلی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم سے متعلق قانون میں ترامیم کی مشروط منظوری دے دی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

افغانستان پاکستان سے لڑنے کی غلطی نہ کرے، شکست اس کا مقدر ہوگی، ضیا لانگو

افغانستان بھارت اور اسرائیل کے پیسوں کے زور پر پاکستان سے لڑنا چاہتا ہے تاہم پاکستان کی فوج سرحدوں پر مکمل طور پر تیار بیٹھی ہے

افغانستان اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ اس نے سوویت یونین کو شکست دی تھی، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے افغانستان کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اس نے پاکستان سے جنگ کی تو شکست اس کا مقدر ہوگی پاکستان اپنی خودمختاری اور دفاع کے لیے ہمیشہ تیار ہے۔ اپنے بیان میں میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ افغانستان غلط فہمی سے نکل کر اصل حقائق کو پہچانے اور ایک اچھے ہمسائے کی طرح پاکستان کے ساتھ رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ افغانستان اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ اس نے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)



کوئٹہ، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سوشو پولیٹیکل اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، حکومت بلوچستان اور کسان اتحاد کے درمیان مذاکرات کامیاب

کوئٹہ (جی این ایم) حکومت بلوچستان کی درخواست اور کامیاب مذاکرات کے بعد کسان اتحاد نے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ اور دھرنا موخر کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ معاون (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

لیوی کیخلاف جماعت اسلامی کا جلسہ، لاہور میں پولیس نے راستے بند کر دیئے

لاہور (جی این ایم) ترجمان جماعت اسلامی نے کہا ہے کہ لیوی سے متعلق آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے لاہور میں منعقد (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

صارفین کو سب وولٹیج کے ساتھ بلاتعطل بجلی فراہم کی جائے، گورنر

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ فوری ختم، کیسکو شکایات سیل 118 پر موصول شکایات کا فوری ازالہ اور عوام سے شائستہ رویہ یقینی بنائے

لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور اوور بلنگ سے باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارفین بھی مشکلات کا شکار ہیں، شیخ جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بجلی کی فراہمی کے نظام میں بہتری لانے کیلئے صرف اعلانات کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات اور ان کے تسلسل کو یقینی بنانا ہوگا۔ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فوری طور پر ختم کر کے بجلی کے صارفین کو مناسب وولٹیج کے ساتھ بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ کیسکو حکام اپنے دفتری اور انتظامی طریقہ کار کو مزید (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

چیئرمین جی پی اے نورالحق بلوچ کی چیئرپرسن بی آر اے عبداللہ خان سے ملاقات

گوادر میں ٹیکس محصولات کی صلاحیت سے بھرپور استفادہ اور ڈیجیٹلائزیشن کے فروغ پر زور، باہمی ڈیٹا شیئرنگ کا فیصلہ

گوادر (جی این ایم) گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) کے چیئرمین نورالحق بلوچ نے بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے چیئرپرسن عبداللہ خان سے اہم ملاقات کی ہے۔ ملاقات کے دوران گوادر میں تجارتی و کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، گوادر پورٹ سے ٹیکس محصولات کے ممکنہ امکانات، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی، ڈیجیٹلائزیشن، ڈیٹا شیئرنگ اور دونوں اداروں کے درمیان باہمی تعاون کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اس بات پر خصوصی زور (باقی صفحہ 2 نمبر 24)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ایڈووکیٹ عطاء اللہ لانگو ملاقات کر رہے ہیں

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★

روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ

RIO/27/353

ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اورینٹل پلازہ، ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔

موبائل/ واٹس ایپ نمبر 03327865820/03136823945

خوبصورت بلوچستان

ازقلم:۔ غلام رسول بلوچ

پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے بڑا صوبہ بلوچستان قدرتی وسائل کے ذخائر اور خوبصورتی سے بھرپور نظارے رکھتا ہے۔

بلوچستان کی ساحلی پٹی اور گوادر و جیونی کی بندرگاہیں دلکش نظارے پیش کرتی ہیں۔

بلوچستان بھر میں قدرت کے ایسے خوبصورت مناظر دیکھنے کو ملتے ہیں کہ پہلی دفعہ بلوچستان کی سیر کرنے والا حیرت میں مبتلا رہ جاتا ہے۔

بدامنی اور دہشت گردی کے ناسور نے بلوچستان کی خوبصورتی کو گہنا دیا ہے۔

یہاں کے لوگ مہمان نواز ہیں یہاں بلند و بالا سنگلاخ پہاڑوں کے دامن میں رہنے والے لوگ بڑا زرخیز دل رکھتے ہیں۔

بلوچستان کے امیج کو اجاگر کرنے کے لیے ہر بلوچستانی اور ہر محب وطن پاکستانی کو آگے آنا ہوگا۔ سیاحت کو فروغ دینا ہوگا۔ اگر یہاں سیاحت کو فروغ ملے اور حکومتی سطح پر اسے پزیرائی ہو تو کوئی شک نہیں کہ بلوچستان پاکستان کا ایک حسین وجمیل صوبہ ہے۔ جہاں زندگی دوڑتی ہے بس زندگی سے اپنے ملک سے اور اپنے صوبے سے محبت کرنے والا ہو۔

یہاں کی ثقافت ؟ یہاں کی روایات اور یہاں کی تہذیب وتمدن اپنے اندر بے پناہ دلکشی سموئے ہوئے ہے۔

اپنے صوبے کو اور اپنے ملک کو شرپسندوں ؟ تخریب کاروں اور دہشت گردوں سے پاک کرنے کے لیے قوم متحد ہو جائے۔

بلوچستان پاکستان سے ہے اور پاکستان بلوچستان سے ہے۔

حکومت یہاں کے عوام کو روزگار کی فراہمی یقینی بنائے اور باصلاحیت نوجوانوں کو ان کی صلاحیتوں کے مطابق بھرپور مواقع فراہم کرے۔

بلوچستان کا نوجوان اپنی تعلیم پر توجہ دے اور تعلیمی میدان میں بھرپور کامیابیاں سمیٹ کر ملک وقوم کی خدمت میں اپنا کردار ادا کرے۔

بلوچستان کا منفی امیج پیدا کیا جا رہا ہے اور اس میں وہ پروپیگنڈہ و جھوٹا بیانیہ شامل ہیجو پاکستان وبلوچستان کا دشمن ہے۔

بلوچستان میں بدامنی اور دہشت گردی نے بلوچستان میں جاری ترقی اور میگا پروجیکٹس پر کام کو شدید متاثر کیا ہے۔

قومی و عسکری املاک پر دہشت گردانہ وارداتوں نے بلوچستان میں بدامنی کو جنم دیا ہے۔ پاکستان کے قومی سلامتی کے ادارے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کے لیے پرعزم ہیں۔ افواج پاکستان اور دیگر سیکورٹی اداروں کی امن کے لیے دی جانیوالی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔

بلوچستان و کے پی کے سے ملحقہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی کو ہوا دی جا رہی ہے افغانستان میں دہشت گردی کے ٹریننگ کیمپس اور افرادی قوت بھارتی سرپرستی میں پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ بلوچستان میں بڑے پیمانے پر دہشت گردی تشویشناک ہے۔

پاکستان وبلوچستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی مکروہ کوششیں کرنے والی پاکستان دشمن قوتوں کو عبرت ناک انجام سے دوچار ہونا پڑے گا۔

اللہ تعالیٰ بلوچستان و پاکستان کو امن کا گہوارہ بنائے آمین

☆☆☆☆

چیمبر آف کامرس اور سرکاری محکموں کا مشترکہ اجلاس

کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے زیرصدارت چیمبر آف کامرس حب میں صنعتکاروں لیڈا آفیشل انوائرمنٹ ڈیپارٹمنٹ لیبر ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جوائنٹ میٹنگ منعقد کی گئی میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر حب جمعداد مندوخیل معروف صنعتکار چیمبر آف کامرس کی ایگزیکٹو کمیٹی کے صدر یعقوب کریم اور جنرل سیکرٹری رفعت انجم ایگزیکٹو کمیٹی ممبر شعیب و دیگر شریک ہوئے چیمبر آف کامرس کے جنرل سیکرٹری رفعت انجم نے اجلاس کے شرکاء کو حب انڈسٹریل زون کے صنعتی یونٹس کی آپریشنل سرگرمیوں اور بلوچستان کی صنعتی شعبے سے وابستہ صنعتکاروں کو درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی رفعت انجم نے بتایا کہ لسبیلہ چیمبر آف کامرس 1995 میں رجسٹرڈ کی گ ء 2022 میں انتظامی تبدیلی کے بعد حب چیمبر آف کامرس قائم کی گ ء انہوں نے بریفنگ میں بتایا کہ انویسٹرز تیزی سے پھیلتے صنعتی شہر حب کے اسپیشل صنعتی زون میں سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں حکومت نے 406 ایکڑ sez کیلئے مختص کئیہیں جنرل سیکرٹری چیمبر آف کامرس نے بتایا کہ نئے صنعتی زون اور انڈسٹریز کی صنعتی ضروریات کیلئے بجلی فراہمی میں کیالیکٹرک کی جانب سے مناسب رسپانس نہ ملنے کی وجہ سیلیڈا کا sez منصوبہ آگے نہیں بڑھ رہا ہے ملکی معیشت کی ترقی کیلئے صنعتکار اربوں روپے ٹیکس ادائیگی کے باوجود مسائل سے دوچار ہیں کراچی پورٹ سے نزدیک ترین لیڈا کے صنعتی شعبے کی ضروریات پوری کرنے کیلئے 50 میگاواٹ کے پاور پلانٹ کا منصوبہ کیئے۔

(01)

مقام پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افغان مہاجرین جاں بحق جبکہ چار افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق افغان مہاجرین کو لے جانے والی ایک ڈبل کیبن پک اپ کو اس وقت نشانہ بنایا گیا جب وہ آر سی ڈی شاہراہ پر سفر کر رہی تھی۔ فائرنگ کے اس واقعے میں دو افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ چار دیگر افراد شدید زخمی ہوئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں، جنہوں نے جاں بحق ہونے والوں کی لاشوں اور تمام زخمیوں کو فوری طور پر میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کر دیا۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے اور واقعے کے تمام پہلوں سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔

(02)

امریکا، اسرائیل، متحدہ عرب امارات، بحرین اور مراکش کے نمائندے شریک ہوئے۔ قازقستان نے بھی پہلی مرتبہ شرکت کی، کیونکہ وہ ابراہام معاہدے میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کر چکا ہے۔ شرکا نے ابراہام معاہدے کے تحت موجودہ تعلقات کو

اس پر اللہ نے چاہا تو یہ ان کی آخری کوشش ہوگی، اس کے بعد یہ اس طرف رخ نہیں کر سکیں گے، اب یہ فیصلہ کن معرکہ ہوگا۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ پی ٹی آئی والے نا ہی آئیں، وہ بھی فیصلہ کن بات ہوگی، اب وفاق یا پاکستان اس طرح کی چیزوں کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

(05)

کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس حوالے سے متعلقہ حکام کو ضروری احکامات جاری کر دیے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہید شین گل خان ترین کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ہرنائی گورنمنٹ ہائی اسکول کو ان کے نام سے منسوب کیا جائے گا۔ شہداء کی قربانیوں اور خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ان کی قربانیاں اور قومی و عوامی خدمات نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید شین گل خان ترین کے نام سے منسوب کیا جانے والا اسکول شہید کی یاد اور ان کی قربانی کی علامت ہوگا، جبکہ ان کے نام سے تعلیمی ادارے کو منسوب کرنا ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ آنے والی نسلوں کو ان کی قربانیوں سے آگاہ رکھنے کا ذریعہ بھی بنے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے شہداء نے امن، عوام اور ملک کے لیے جو قربانیاں دی ہیں، انہیں فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت بلوچستان شہداء کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کے نام و خدمات کو زندہ رکھنے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

میں مؤثر اقدامات کر رہی ہے، جبکہ ان شعبوں میں کام کرنے والے اداروں کے تجربات اور مہارت سے بھی استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

(08)

کانفرنس کے دوران امیر مقام نے کہا کہ آزاد کشمیر کا صدر نجیب نقی کو بنایا گیا ہے جن کا تعلق پونچھ ڈویژن سے ہے، پونچھ سے صدر کا انتخاب ہونے سے وہاں ایک مثبت پیغام گیا ہے۔ انہوں نے جمہوریت کا ساتھ دینے پر کشمیری عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں قانون سازی کا تمام عمل اچھے انداز سے مکمل ہوا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ احتجاج کرنے والے اٹھ جائیں اور نظام کا حصہ بنیں، کیونکہ دھرنوں اور احتجاج سے نقصان عوام کا ہی ہوتا ہے۔ امیر مقام نے یہ بھی کہا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی سے شدید متاثر ہونے والا صوبہ ہے، صوبے میں سب سے بڑا مسئلہ دہشت گردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختون خوا کے عوام صوبائی حکومت سے پوچھیں کہ اس نے ان کے لیے کیا کیا ہے؟

(09)

کے حوالے سے شرکاء کو اعتماد میں لیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا بزنس کونسل اور بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اسلام آباد و واشنگٹن کے درمیان بہترین پل ہیں، پاکستان امریکا تعلقات گزشتہ ایک سال کے دوران بہت بہتر ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری معیشت اب مستحکم اور ترقی کی جانب گامزن ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے ایک مشکل مرحلے پر آیا، پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوست اور برادر ممالک کے تعاون سے خطے میں طویل مدتی امن حاصل کرنے کی امید ہے، خطے میں طویل مدتی امن، کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے انتہائی اہم ہے، پاکستان میں بڑے پیمانے پر ساختی اور پالیسی سطح کی اصلاحات کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ معیشت کو ڈیجیٹائز کرنے، ٹیکنالوجی اور ای گورننس پر تیزی سے کام جاری ہے، پاکستان کے زرعی شعبے میں سرمایہ کاری کی بے پناہ استعداد موجود ہے، مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کے استعمال سے فی ایکڑ پیداوار بڑھائی جا سکتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جدید زرعی آلات کے استعمال سے اخراجات میں کمی اور کارکردگی میں اضافہ ممکن ہے، کان کنی اور معدنیات بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کا اہم شعبہ ہے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو معدنی وسائل سے بے پناہ نوازا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں، انہیں پیشہ ورانہ تربیت اور مہارتیں فراہم کر رہے ہیں، نوجوانوں کو ہنر، روزگار کے مواقع فراہم کر کے خودمختار بنا رہے ہیں، آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت سے متعلق اقدامات ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بندرگاہوں اور جہاز رانی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی بھرپور استعداد موجود ہے، نجکاری آپ کی دلچسپی کا ایک اہم شعبہ ہے، پی آئی اے کی نجکاری ہو چکی ہے، نئے مالکان جو پاکستانی ہیں، اس میں بہتری لائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی بھی نجکاری کرنے جا رہے ہیں، حکومت کا کام نجی شعبے کیلئے کاروبار و سرمایہ کاری میں سہولت فراہم کرنا اور سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، معاونین خصوصی طارق فاطمی، بلال بن ثاقب، پاکستان کے اقوام متحدہ میں مستقل مندوب عاصم افتخار، پاکستان کے امریکہ میں سفیر رضوان احمد شیخ بھی شریک ہوئے۔

(10)

کوئٹہ کی کی پیش رفت کا مفصل طور پر جائزہ لیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ روداد اجلاس محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان کے متعلقہ فورم کی منظوری کے لئے پیش کیا جائیگا اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری

بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کر کے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہو جائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہیں جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالیٰ خود اس ملک کا حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

(15)

وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے تصفیہ قانون سازی امور کا اجلاس ہوا جس میں متعلقہ وزارتوں، محکموں اور ڈویژنز کے حکام نے شرکت کی۔ سی سی ایل سی نے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی فیس اینڈ چارجز رولز کی منظوری دے دی۔ بجلی کے شعبے سے متعلق ترامیم سی سی ایل سی کی سفارشات اور تجاویز شامل کرنے سے مشروط ہیں۔ سی سی ایل سی نے پاکستان کوسٹ گارڈز ایکٹ 1973 میں علاقائی فنڈ کے قواعد سے متعلق ترمیم اور ڈرگس ریسرچ رولز 1978 میں مجوزہ ترمیم کی منظوری دے دی۔ ایف آئی اے ایکٹ 1974 میں مجوزہ ترامیم اور امیگریشن رولز 1979 میں ترامیم کا معاملہ مؤخر کر دیا گیا۔

(16)

پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اسکول میں تعلیمی ماحول، طلبہ کے نظم و ضبط، اساتذہ کی تدریسی کاوشوں، اسکول کی صفائی ستھرائی اور دستیاب تعلیمی سہولیات کو سراہا۔ طلبہ کی جانب سے مختلف سوالات کے اطمینان بخش جوابات اور کلاس رومز میں جاری تعلیمی سرگرمیوں پر بھی اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر گورنمنٹ بوائز ائی سکول کھنڈ کے ہیڈ ماسٹر نے۔ ادارے کو درپیش بنیادی مسائل اور ضروریات سے بھی معزز افسران کو آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون اور ضروری اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ دورے کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کھنڈ کی مجموعی تعلیمی کارکردگی، نظم و ضبط اور مثبت تعلیمی ماحول پر اطمینان کا اظہار کیا اور ادارے کی بہتری کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو قابلِ تحسین قرار دیا۔

(17)

کی قیادت میں ماہی گیروں کے وفد نے مقامی ماہی گیروں کو درپیش مسائل، ماہی گیری سے متعلق امور اور دیگر ضروریات سے آگاہ کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر طارق امام بلوچ نے دونوں وفود کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل، تجاویز اور گزارشات کو غور سے سنا اور متعلقہ امور پر ضروری اقدامات اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت ازالہ اور بنیادی سہولیات کی بہتری ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے، جبکہ مقامی ماہی گیروں درپیش جائز مسائل کے حل اور ان کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے بھی انتظامیہ اپنا کردار جاری رکھے گی ان کا کہنا تھا کہ عوام اور انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطہ مسائل کے مؤثر حل میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور مقامی لوگوں کی نشاندہی پر سامنے آنے والے مسائل کو متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر حل کرنے کے لیے ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔

وزیراعظم نے علاقائی کشیدگی کے خاتمے کے لیے مکالمے اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے پاکستان کی حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان، بالخصوص پاکستان کے قریبی ہمسایہ خطے میں اس کے واقعات، سے سیکرٹری جنرل کو آگاہ کیا اور اس رجحان کی روک تھام کے لیے مؤثر عالمی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے افغانستان کی صورتحال اور افغان سرزمین سے ہونے والی دہشتگردی میں اضافے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے قائدانہ کردار اور مؤثر آواز کو سراہتے ہوئے عالمی امن و سلامتی کے لیے پاکستان کی خدمات کا اعتراف کیا، انہوں نے تنازعات کے پرامن حل اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے لیے پاکستان کی سفارتی وثالثی کوششوں کو بھی سراہا۔ انتونیو گوتریس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عالمی امن کے لیے پاکستان کی خدمات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

(21)

کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کی ایران فرار ہونے کی کوشش ناکام بنا دی۔ سیکیورٹی فورسز بلوچستان سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم، آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

(22)

ہونے والے جلسہ بارے حکومت پنجاب نے رکاوٹیں کھڑی کرنا شروع کر دیں۔ ترجمان جماعت اسلامی کے مطابق پولیس، سٹیج کنٹینرز، کرسیاں اور دیگر سامان اٹھا کر لے گئی، جماعت اسلامی کے کارکن لاہور اور گرد و نواح سے اکٹھے ہو رہے ہیں۔ جماعت اسلامی کے ترجمان نے کہا کہ

کے معیشت اور سفارتی تعلقات کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی کے خلاف نہیں۔

(25)

اسلام آباد میں بھی ٹریفک سگنلز کا ایشو ہے۔

(27)

درج مقدمے کا فیصلہ موخر کر دیا۔ مقدمے کا فیصلہ اے ٹی سی کے جج امجد علی شاہ کے رخصت پر ہونے کے باعث یکم اکتوبر تک موخر کر دیا گیا۔ عدالت نے 22 ستمبر کو علیمہ خان سمیت 10 ملزمان کے خلاف مقدمے کا فیصلہ محفوظ کیا تھا۔ عدالت نے حتمی دلائل کے بعد فیصلہ محفوظ کیا تھا جو کہ جمعہ کے روز سنایا جانا تھا۔ علیمہ خان کے وکیل حتمی دلائل دینے کے لیے عدالت میں پیش نہیں ہوئے تھے۔

(28)

شناختی کارڈز کو یکطرفہ طور پر ڈیجیٹل طور پر بلاک کرنے کے اقدام کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے بلاک شدہ شناختی کارڈز اور متعلقہ ریکارڈ فوری طور پر بحال کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالتِ عالیہ نے **مہر علی و دیگر** کی جانب سے دائر آئینی درخواست منظور کرتے ہوئے نادرا کو ہدایت کی کہ پٹیشنرز کے بلاک شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز (CNICs) اور متعلقہ ریکارڈ کو نادرا کے مرکزی ڈیٹا بیس میں فوری اور غیر مشروط طور پر بحال کیا جائے۔ مقدمے میں پٹیشنرز کی جانب سے سپریم کورٹ آف پاکستان کے وکیل **جمیل رمضان دھوار ایڈووکیٹ** (جمیل لاء فرم، کوئٹہ) نے دلائل دیتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ نادرا کو شہریوں کے شناختی کارڈز یکطرفہ طور پر بلاک کر کے انہیں بنیادی شہری سہولیات سے محروم کرنے کا اختیار حاصل نہیں۔ انہوں نے عدالت کے سامنے مؤقف رکھا کہ پٹیشنرز کو شوکاز نوٹس جاری کیے بغیر اور مؤثر سماعت کا موقع فراہم کیے بغیر شناختی کارڈز بلاک کیے گئے، جو آئینِ پاکستان کے آرٹیکلز **4**، **9**، **10-A** اور **14** میں دیے گئے بنیادی حقوق سے

شریک ہوئے۔ اس موقع پر محکمہ صحت بلوچستان نے عملے کی تربیت، ضروری آلات کی فراہمی اور ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کے نفاذ میں یونیسف پاکستان کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور درست اعداد و شمار کے مؤثر استعمال سے صوبے میں صحت کی منصوبہ بندی اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں جانب سے بلوچستان میں ماں، بچے اور دیگر شہریوں کے لیے صحت کی خدمات کو مزید مؤثر، قابلِ رسائی اور معیاری بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

(32)

اورنگزیب نے کہا کہ موسمیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل تک رسائی بھی ضروری ہے، موسمیاتی اہداف کے ثمرات عوام اور مقامی کمیونٹیز تک پہنچنے چاہیے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ موسمیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل تک رسائی بھی ضروری ہے، ملکی سطح پر منصوبوں کو عملی شکل دینے کی صلاحیت بڑھانا ہوگی، اقدام کو صرف بات چیت تک محدود نہیں رہنا چاہیے، عملی اقدامات پر اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی منصوبوں کیلئے ملکی اور عالمی وسائل متحرک کر رہے ہیں، بین الاقوامی مالیاتی اداروں، موسمیاتی فنڈز سے وسائل حاصل کرنیکی کوششیں جاری ہیں، اداروں کے درمیان رابطے کا فقدان موسمیاتی منصوبوں میں رکاوٹ ہے، سرمایہ کاری کے قابل منصوبوں کی کمی بھی بڑی رکاوٹ ہے، 2022 کے سیلاب کے بعد بعض عالمی مالی وسائل منصوبوں کی کمی کے باعث استعمال نہ ہو سکے۔

(33)

مقام پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افغان مہاجرین جاں بحق جبکہ چار افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق افغان مہاجرین کو لے جانے والی ایک ڈبل کیبن پک اپ کو اس وقت نشانہ بنایا گیا جب وہ آر سی ڈی شاہراہ پر سفر کر رہی تھی۔ فائرنگ کے اس واقعے میں دو افراد موقع پر ہی

کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید شین گل خان ترین کے نام سے منسوب کیا جانے والا اسکول شہید کی یاد اور ان کی قربانی کی علامت ہوگا، جبکہ ان کے نام سے تعلیمی ادارے کو منسوب کرنا ان کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ آنے والی نسلوں کو ان کی قربانیوں سے آگاہ رکھنے کا ذریعہ بھی بنے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے کے شہداء نے امن، عوام اور ملک کے لیے جو قربانیاں دی ہیں، انہیں فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت بلوچستان شہداء کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کے نام و خدمات کو زندہ رکھنے کے لیے اقدامات جاری رکھے گی۔

(39)

پی ٹی آئی قیادت نے قومی اسمبلی کے قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے رابطہ کیا اور پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں پیش کی گئی تجویز سے انہیں آگاہ کیا جس میں مارچ ملتوی کرنے کا کہا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے لانگ مارچ مؤخر کرنے کا اعلان کرنے سے انکار کر دیا وہ 27 ستمبر کو ملک گیر تحریک شروع کرنے کے مؤقف پر قائم ہیں، اچکزئی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کا مارچ مؤخر نہیں ہوگا، 27 ستمبر کو کے پی سمیت دیگر صوبوں میں تحریک شروع ہوگی اور تحریک آہستہ آہستہ اسلام آباد کی جانب بڑھے گی۔ ذرائع کے مطابق لانگ مارچ مؤخر کرنے پر پی ٹی آئی قیادت اور محمود اچکزئی میں اختلاف برقرار ہے اور انہیں منانے کی کوششیں جاری ہیں جب کہ لانگ مارچ کی نئی تاریخ پر پی ٹی آئی کی اپوزیشن لیڈران سے مشاورت تاحال جاری ہے۔

(40)

بااختیاری اور سماجی ترقی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبے میں نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم اور عملی تربیت کی فراہمی، ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں معاشی وسماجی ترقی کے عمل میں مؤثر طور پر شامل کرنے کی

01

مزید دوردراز علاقوں میں منتقل کرنا اور خفیہ وزیرِ زمین مقامات پر انحصار بڑھانا شروع کر دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایرانی عوام کی مزاحمت و حوصلے اور ایران کی جغرافیائی صورت حال کے موثر استعمال نے خطے میں امریکا کی روایتی فوجی تعیناتی کو زیادہ غیر موثر بنا دیا ہے۔ پاسدارانِ انقلاب کے مطابق سینٹ کام کے اڈوں کا انخلا اور انہیں غیر فعال کرنا، افواج کو اردن منتقل کرنا، جانی نقصان اٹھانا، انٹیلی جنس اور فوجی ساز و سامان کو مزید دوردراز مقامات پر منتقل کرنا اور خفیہ وزیرِ زمین تعیناتی کی جانب بڑھنا امریکا کے لیے نمایاں اخراجات کا باعث بنا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ پیش رفت ایران کے قریب امریکا کی روایتی اور نمایاں فوجی موجودگی برقرار رکھنے میں بڑھتی مشکلات کو ظاہر کرتی ہے۔

02

ٹریک کی اپ گریڈیشن کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ یہ اہم نوعیت کا منصوبہ صرف 120 روز کی قلیل مدت میں مکمل کیا گیا ہے جس پر کل 3 ارب روپے لاگت آئی ہے۔ کچلاک سے سریاب تک کے اس روٹ پر کل 7 اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں جن میں کچلاک، بلیلی، شیخ ماندا، جی او آر، کوئٹہ، لورکاریز اور سریاب اسٹیشن شامل ہیں جو باضابطہ طور پر اس روٹ کا حصہ ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جناح پیپلز ٹرین منصوبے کی تکمیل پر انتہائی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اس سروس کو جلد از جلد عوام کے لیے کھولنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کوئٹہ اور گردونواح کے شہریوں کے لیے ایک محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت فراہم کرے گی۔ اس سروس سے روزمرہ سفر کرنے والے طلبہ، ملازمین، کاروباری افراد اور عام شہریوں کو بڑی آسانی ملے گی اور یہ عوام کو جدید اور باوقار سفری سہولت کی فراہمی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل اور ان کے ثمرات اب عملی طور پر عوام تک پہنچنا شروع ہو گئے ہیں۔ ان جدید سفری سہولیات سے شہریوں کے قیمتی وقت اور سفری اخراجات میں نمایاں کمی واقع ہوگی، اور یہ منصوبہ کوئٹہ سمیت گردونواح کے عوام کے لیے سفری سہولیات میں ایک تاریخی بہتری ثابت ہوگا۔

03

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس میں سیکرٹری خزانہ امداد اللہ بوسال نے آئی ایم ایف پروگرام کی شرائط اور اہداف پر بریفنگ دی۔ بتایا کہ پروگرام کے 3 جائزے مکمل ہو چکے۔ پاکستان کو اب تک 4.1 ارب ڈالر ملے ہیں۔ آئی ایم ایف کی شرائط پر ٹیکس رعایتیں ختم اور سپلیمنٹری گرانٹس کے اجرا پر پابندی عائد کی جا چکی۔ البتہ توانائی کے شعبے میں گردشی قرض کے اہداف میں بڑی کامیابی نہیں ملی۔ تعلیمی اخراجات سے متعلق آئی ایم ایف کے اہداف بھی حاصل نہیں ہو سکے۔ سرکاری افسران کے اثاثہ جات کی ڈکلیریشن بھی کمیٹی میں زیر بحث آئی۔ سیکرٹری خزانہ کے مطابق ایف بی آر اثاثوں کی کچھ تفصیلات اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو فراہم کرے گا۔ غیر معمولی اثاثوں کی صورت میں اسٹیبلشمنٹ ڈویژن تادیبی کارروائی کرے گا۔ حنا ربانی کھر اور نوید قمر نے افسران کے اثاثوں کی جزوی ڈیکلریشن پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ کہا پارلیمنٹیرینز کو تمام اثاثے ڈکلیئر کرنا ہوتے ہیں۔ تو افسران کے کچھ اثاثے ظاہر اور کچھ پوشیدہ رکھنے کی کیا وجہ ہے؟ سیکیورٹی تحفظات کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔ سیکرٹری خزانہ نے بتایا کہ ساورن ویلتھ فنڈ ترمیمی قانون میں مشترکہ سرمایہ کاری کی اجازت کی تجویز ہے۔ اس فنڈ کو ایس ای او قانون کے مطابق کیا گیا ہے۔ یہ معاملہ بھی آئی ایم ایف مذاکرات میں شامل ہے۔ مختلف شعبوں میں دی جانے والی سبسڈیز ختم کی جا رہی ہیں۔ مجموعی طور پر آئی ایم ایف 174 ترامیم چاہتا ہے۔ حکومت تمام ترامیم پارلیمنٹ کے سامنے رکھے گی۔

04

کیے جا رہے ہیں جس کے نتیجہ میں گذشتہ کئی سالوں کے دوران عالمی سطح پر ایٹمی ہتھیاروں کی تعداد میں 30 فیصد کمی ہوئی ہے۔ اس دن کی مناسبت سے مختلف سرکاری و غیر سرکاری تنظیموں کے زیرِ اہتمام تقاریب منعقد کی جائیں گئیں جن میں؟ ماہرین اور دانش ور دنیا کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے کی ضرورت کو اجاگر کرتے رہے۔

05

نے اپنے بیٹے اور بیٹی سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گرد تنظیم میرے 17 سالہ بیٹے سرفراز اور 12 سالہ زیرِ تعلیم بیٹی کو بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ لے گئی۔ واحد بخش نے سوال اٹھایا کہ بشیر زیب اور اللہ نظر ہمارے بچوں کا قصور بتائیں کہ آخر کم عمر بچوں کو ورغلانے کا کیا جواز ہے؟ ہم پاکستان کے ساتھ ہیں اور ہمیشہ پاکستان کے ساتھ جئیں اور مریں گے۔ نام نہاد عوامی حقوق کی آڑ میں بلوچ یکجہتی کمیٹی سے بلوچ عوام کی لاتعلقی دہشت گردی سے بیزاری کا واضح ثبوت ہے۔

06

کہ نوجوانوں کو سکل ڈویلپمنٹ پروگرامز کے ذریعے بااختیار اور حوصلہ افزائی دینی چاہیے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کی ترقی میں موثر مثبت کردار ادا کر سکیں۔ اجلاس میں BSDI پروجیکٹ کے فیز ٹو کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں اس امید کا اظہار کیا گیا کہ منصوبے کے آئندہ مراحل میں بھی کام کی رفتار اور معیار کو برقرار رکھتے ہوئے مقررہ اہداف حاصل کیے جائیں گے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت منعقدہ سوشو پولیٹیکل اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر صوبائی سطح پر موثر اور عملی انداز میں عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے فوکل پرسن کو ہدایت کی کہ متعلقہ اداروں سے فیصلوں پر ہونے والی پیش رفت کی ماہانہ بنیادوں پر رپورٹ مرتب کی جائے اور وفاقی حکومت کو بروقت آگاہ کیا جائے، تاکہ فیصلوں پر عملدرآمد کے عمل کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔

07

مبینہ ذہنی توازن کی خرابی کا نتیجہ بتایا جا رہا ہے۔ پولیس اور ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے بچوں میں ایک سال اور بیس دن کے دو معصوم بچے شامل ہیں جن کی لاشیں اسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ واقعے کے بعد شدید زخمی حالت میں پائی جانے والی خاتون کو بھی فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے ہیں اور واقعے کی ہر پہلو سے تحقیقات کی جا رہی ہیں تاکہ اس ہولناک واقعے کے اصل محرکات اور حقائق کا تعین کیا جا سکے اس اندوہناک واقعے پر علاقے میں شدید سوگ اور فضا سوگوار ہے۔

08

امور اور اساتذہ کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے سمیت مختلف امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں

فیصلہ کیا گیا کہ ضلع گوادر کی سطح پر مرکزی تقریب گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں منعقد کی جائے گی، جس کی صدارت رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کریں گے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تقریب میں ضلع بھر سے اساتذہ، تعلیمی اداروں کے سربراہان، محکمہ تعلیم کے افسران اور تعلیم کے شعبے سے وابستہ افراد کو مدعو کیا جائے گا، جبکہ تقریب کو موثر، باوقار اور یادگار بنانے کے لیے تمام ضروری انتظامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔ اس موقع پر کہا گیا کہ اساتذہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت اور معاشرے کی مثبت تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ٹیچرز ڈے کی تقریب کو خصوصی انداز میں منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس میں پروگرام کو مزید منظم اور موثر بنانے کے لیے آئندہ بھی متعلقہ حکام کے ساتھ مشاورتی اجلاس منعقد کرنے اور تمام انتظامات کو بروقت مکمل کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

09

کے مقابلے میں سعودی واتحادی افواج کو ثابت قدم رہنے اور صفوں میں اتحاد برقرار رکھنے کی تلقین کر دی۔ انہوں نے اہلکاروں کو اپنے مشن کی انجام دہی میں صبر، استقامت اور ثابت قدمی اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ سعودی مفتی اعظم نے حوثی گروہ کو سعودی عرب کے امن واستحکام کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے ان کی کارروائیوں کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے فوجیوں کی جانب سے ملک اور عوام کے دفاع کے لیے انجام دی جانے والی ذمے داری کو اہم قرار دیا ہے اور اہلکاروں کو اپنے فرائض کی ادائیگی میں اللہ پر توکل اور ثابت قدمی اختیار کرنے کی تلقین کی ہے۔

10

ایرانی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ امریکا کی آمادگی کی صورت میں ایران تجاویز پر فوری عمل درآمد کے لیے تیار ہے۔ عباس عراقچی کے مطابق تجاویز امریکا کو ثالثوں کے ذریعے پیش کی گئی ہیں، جن پر اتفاق ہونے کی صورت میں 7 روز میں آبنائے ہرمز کھول دی جائے گی اور مذاکرات کا آغاز ہو جائے گا۔

11

نے کہا کہ لانگ مارچ کے لیے پی ٹی آئی کی کوئی تیاری نہیں ہے، یہ اسلام آباد پر چڑھائی کی باتیں کرتے ہیں لیکن ان کے لوگ خود گرفتاریاں دے رہے ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ گورنر راج کا امکان بھی ہے اور آئین میں اس کی گنجائش بھی ہے، صوبے میں امن وامان کی صورتحال دیکھیں اور لانگ مارچ دیکھیں، صوبہ میں کرپشن، لاقانونیت اور دہشتگردی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت پولیس کو ٹائیگر فورس بنانا چاہتی ہے، آپ چاہتے ہیں کہ آئی جی، ڈی آئی جی اور ڈی پی او کی تقرریاں یہ خود کریں، اس قسم کے ایکٹ کے خلاف ہم دیوار بنیں گے۔

12

کو آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور جمہوری اصولوں کے مطابق آگے بڑھانے کی ضرورت ہے' یہ بات انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنماؤں احسان اللہ کاکڑ، عارف خان کاکڑ اور قاری بھی موجود تھے سالار خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ہم ملک میں آئین و قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار کا تحفظ چاہتے ہیں۔ سیاسی کارکنوں اور عوام کو پرامن احتجاج اور اپنے مطالبات کے اظہار کا حق حاصل ہے، حکومت کو چاہیے کہ سیاسی اختلافات کو طاقت کے بجائے مذاکرات اور جمہوری طریقہ کار کے ذریعے حل کر سالار خان کاکڑ نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے احتجاج کے راستے میں جو رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں۔

13

بیت المال کے زیرِ انتظام دستکاری سینٹر دورے کے موقع پر انسٹرکٹرز اور زیرتربیت طالبات سے گفتگو کرتے ہوئے کہی ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ خواتین کی تعلیم، فنی تربیت اور فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والے اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی ماسٹر ٹریز فیشن ڈیزائننگ سلیمہ افضل اور دیگر اسٹاف نے ڈپٹی کمشنر کو سینٹر میں جاری فیشن ڈیزائننگ، بیوٹیشن، کمپیوٹر بیسک، کارپٹنگ، دستکاری، تدریس قرآن اور دیگر تربیتی کورسز، طالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات، وظائف اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے طالبات پر زور دیا کہ وہ حاصل کردہ ہنر کو عملی زندگی میں بروئے کار لاتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھاریں اور خود انحصاری کی جانب بڑھیں۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے فیشن ڈیزائننگ، بیوٹیشن، کمپیوٹر، کارپٹنگ، دستکاری اور دیگر مختلف کورسز مکمل کرنے اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی دستکاری سینٹر آمد پر کوارڈینیٹر بیت المال سی ای او گیاوان ڈیلپمنٹ بلوچستان محترمہ شازیہ اکبر زہری ہیڈ مسٹریس پروین نذر کھیتران اور ماسٹر ٹریز نے انکا شکریہ ادا کیا

14

اوستہ محمد، موٹر سائیکل کی سیٹ کے اندر 6 کلو آئس چھپا کر اندرونِ سندھ منتقل کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ خفیہ ذرائع سے ملنے والی اطلاع پر ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس کی خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی، جس میں انسپکٹر علی نواز لہڑی، کانسٹیبلان مصری عمرانی، فتح علی لہڑی، عبدالغنی لہڑی، عبدالغفار، امداد حسین، عابد علی، محمد یوسف، مختیار احمد ساسولی، وکیل احمد اور دیگر اہلکار شامل تھے۔ ٹیم نے اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے ڈیرہ مراد جمالی میں قومی شاہراہ پر عبداللہ شاہ ٹاؤن کے قریب موٹر سائیکل سوار کو روک کر تلاشی لی۔ تلاشی کے دوران موٹر سائیکل کی سیٹ کے اندر سے مبینہ طور پر چھپائی گئی 6 کلو آئس برآمد ہوئی، جس کے بعد ملزم کو گرفتار کر کے منشیات قبضے میں لے لی گئی۔ ای ٹی او جاوید احمد بلوچ نے بتایا کہ واقعے کے حوالے سے تمام قانونی کارروائی مکمل کی جا رہی ہے اور منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ نصیرآباد میں منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس کی ٹیمیں متحرک ہیں اور منشیات فروشی و اسمگلنگ کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

15

وزیراعظم نے پرنس رحیم آغا خان پنجم کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور رواں سال کے اوائل میں آغا خان کے دورہ پاکستان کے دوران ہونے والی اپنی ملاقات کو خوشگوار الفاظ میں یاد کیا۔ شہباز شریف نے پاکستان کے ساتھ دیرینہ دوستانہ اور مثبت تعلقات کو مستحکم رکھنے کے لیے پرنس رحیم آغا خان کے عزم کو سراہا۔ انہوں نے امن، استحکام اور ترقی کے مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے ان کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں بالخصوص اسماعیلی برادری کی دیرینہ خدمات کو سراہا اور

معاشرے کے لیے خدمت اور شہری شمولیت کی اس کی قابل قدر روایت کو اجاگر کیا۔ ڈیسکیوٹی جوائن کریں

16

کرنے کے اقدام کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے بلاک شدہ شناختی کارڈز اور متعلقہ ریکارڈ فوری طور پر بحال کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت عالیہ نے **مہر علی و دیگر** کی جانب سے دائر آئینی درخواست منظور کرتے ہوئے نادرا کو ہدایت کی کہ پٹیشنرز کے بلاک شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز (CNICs) اور متعلقہ ریکارڈ کو نادرا کے مرکزی ڈیٹا بیس میں فوری اور غیر مشروط طور پر بحال کیا جائے۔ مقدمے میں پٹیشنرز کی جانب سے سپریم کورٹ آف پاکستان کے وکیل **جمیل رمضان دہوار ایڈووکیٹ** (جمیل لاء فرم، کوئٹہ) نے دلائل دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ نادرا کو شہریوں کے شناختی کارڈز یکطرفہ طور پر بلاک کر کے انہیں بنیادی شہری سہولیات سے محروم کرنے کا اختیار حاصل نہیں۔ انہوں نے عدالت کے سامنے موقف رکھا کہ پٹیشنرز کو شوکاز نوٹس جاری کیے بغیر اور موثر سماعت کا موقع فراہم کیے بغیر شناختی کارڈز بلاک کیے گئے، جو آئینِ پاکستان کے آرٹیکلز **4، 9، 10-A** اور **14** میں دیے گئے بنیادی حقوق سے متصادم ہے۔ عدالت نے درخواست گزاروں کے آئینی موقف اور وکیل کے دلائل کا جائزہ لینے کے بعد نادرا کی جانب سے شناختی کارڈز بلاک کرنے کے اقدام کو کالعدم قرار دیتے ہوئے متعلقہ شناختی کارڈز اور ریکارڈ کی بحالی کا حکم جاری کیا۔ درخواست گزاروں کے وکیل کے مطابق بلوچستان ہائی کورٹ کا یہ فیصلہ شہریوں کے بنیادی آئینی حقوق اور شناختی دستاویزات کے حوالے سے قانونی تحفظ کے تناظر میں اہم پیش رفت ہے۔

17

کمیشن کے سربراہ جسٹس عمر سیال نے سیکرٹری ہیلتھ اور ڈی جی ہیلتھ پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے غیر قانونی طور پر مداخلت کر کے میر رضا قتل کیس میں میڈیکل بورڈ تشکیل دیا اور بورڈ میں تبدیلیاں کیں۔ کمیشن نے کہا کہ پہلی تحقیقاتی ٹیم کے سربراہ ایس ایس پی سمیع اللہ سومرو نے 6 دن میں کیس کا بیڑہ غرق کیا، 52 کیمروں میں سے ایک فوٹیج لی، کرائم سین کی جھاڑیاں جلا دیں، پہلی تفتیشی ٹیم نے شواہد ضائع کیے اور ماتحتوں پر ملبہ ڈال دیا۔ کمیشن نے سیکرٹری صحت طاہر حسین سانگی کو طلب کیا اور پوچھا کہ آپ کا نام دو گواہوں نے لیا تھا آپ نے کب عہدہ سنبھالا؟ ڈاکٹر اسامہ آپ کے ماتحت آتا ہے؟ طاہر حسین نے کہا کہ ڈاکٹر اسامہ شیخ صحت کے ادارے کے ماتحت آتا ہے۔ جسٹس عمر سیال نے ریمارکس دیے کہ ڈاکٹر اسامہ نہ صرف کمیشن کو متنازع بنا رہے ہیں بلکہ ان کے اقدامات محکمہ صحت کو بھی متنازع بنا رہے ہیں۔ جسٹس عمر سیال نے کہا کہ جوڈیشل کمیشن پیر تک امید ہے کارروائی مکمل کر لے گا، اس کے بعد رپورٹ لکھنے کا کام شروع کیا جائے گا۔

18

چلا رہے ہیں۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی محکمہ جنگ نے بتایا ہے کہ لیزر ہتھیار روایتی میزائلز کے مقابلے میں کم لاگت کے ساتھ اہداف کو تباہ کر سکتے ہیں، بجلی سے پیدا ہونے والی انتہائی طاقت ور لیزر شعاع ہدف پر مرکوز ہو کر اسے گرم کرتی ہے جس سے ڈرون یا دیگر ہدف ناکارہ یا تباہ ہو جاتا ہے۔ دفاعی ٹیکنالوجی کے ماہر مارک نیس کے مطابق لیزر کے ذریعے ڈرون کو انتہائی درستگی سے نشانہ بنایا جا سکتا ہے، حتیٰ کہ اس کے سینسرز کو ناکارہ کرنے یا پورے ڈرون کو تباہ کرنے کے لیے شعاع کو مخصوص مقام پر مرکوز کیا جا سکتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق مشرقِ وسطیٰ میں نصب ہائی انرجی لیزر وہ انٹیگریٹڈ آپٹیکل ڈیزلر اینڈ سرویلنس نظام 60 کلو واٹ لیزر استعمال کرتا ہے، یہ نظام بڑا اور بھاری ہونے کے باعث جنگی بحری جہازوں پر نصب کیا گیا ہے۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ یہ ٹیکنالوجی میکسیکو کی سرحد پر ڈرونز کے خلاف بھی استعمال کی جا رہی ہے تاہم ماہرین کے مطابق اسے ابھی انسانی اہداف کے خلاف استعمال نہیں کیا گیا۔ امریکی میڈیا نیویارک پوسٹ کی ایک رپورٹ کے مطابق امریکا تقریباً 50 سال سے اس ٹیکنالوجی پر کام کر رہا ہے اور منصوبے پر تقریباً 500 ملین ڈالرز خرچ کیے جا رہے ہیں، بوئنگ نے نسبتاً چھوٹا لیزر نظام بھی تیار کیا ہے جو تیسرے درجے کے ڈرونز کو نشانہ بنا سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ لیزر نظام اتنا بڑا اور بھاری ہے کہ اسے فی الحال جنگی بحری جہازوں پر ہی نصب کیا گیا ہے، فوجیوں کی جانب سے ایسے لیزر نظام کو بیگ میں اٹھا کر میدان میں لے جانے کا امکان فی الحال کم ہے۔ امریکی میڈیا کا یہ بھی کہنا ہے کہ لیزر ہتھیاروں کی موثر کارکردگی کے لیے صاف آسمان ضروری ہے اور ایک ساتھ بڑی تعداد میں ڈرونز کے حملوں کی صورت میں ان کی صلاحیت محدود ہو سکتی ہے۔

19

گوادر پورٹ اتھارٹی نورالحق بلوچ نے آج چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گوادر میں کاروباری سرگرمیوں، گوادر پورٹ سے ٹیکس محصولات کے امکانات، ٹیکس دہندگان کی سہولت، ڈیجیٹلائزیشن، ڈیٹا شیئرنگ اور گوادر پورٹ اتھارٹی و بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے درمیان باہمی تعاون کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گوادر کی کاروباری سرگرمیوں، گوادر پورٹ سے متعلق معلومات کے موثر تبادلے، ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ٹیکس انتظامیہ میں شفافیت و موثریت کے فروغ اور دونوں اداروں کے مابین تعاون و ڈیٹا شیئرنگ کے ذریعے ٹیکس محصولات کی صلاحیت سے بھرپور استفادے پر زور دیا گیا۔

20

کا اہم اجلاس ہوا جس میں سیکرٹری اطلاعات کاشف گلزار شیخ، ڈی جی اطلاعات معزز پیرزادہ اور تمام ڈائریکٹرز شریک ہوئے۔ شرجیل انعام میمن نے واضح کیا کہ جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی بھی شخص یا ادارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ سینئر وزیر نے حکم دیا کہ فیک نیوز اور گمراہ کن اطلاعات کی روک تھام کے لیے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی سے معاونت لی جائے، مین اسٹریم اور سوشل میڈیا پر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فیک نیوز کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے گی۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ فیک نیوز کی نشاندہی، تصدیق اور بروقت تدارک کے لیے محکمہ اطلاعات میں موثر مانیٹرنگ کا نظام وضع کیا جائے گا۔ فیک نیوز کے تدارک کے لیے محکمہ اطلاعات اور این سی سی آئی اے کے درمیان تعاون کو مزید بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فیک نیوز بنانے اور پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے این سی سی آئی اے سے معاونت حاصل کی جائے گی۔ سندھ حکومت کا بیانیہ امن، رواداری، بین الصوبائی ہم آہنگی اور قومی اتحاد پر مبنی ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ حکومت کے بیانیے کو مزید موثر اور مضبوط بنانے کے لیے

اضافی اقدامات کیے جائیں، محکمہ اطلاعات سندھ حکومت کے مثبت اور تعمیری بیانیے کو مزید اجاگر کرنے کے لیے جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ کرے۔ سینئر وزیر کا کہنا تھا کہ تمام طبقات کے نمائندوں کو سندھ حکومت کے بیانیے کا حصہ بنایا جائے، محکمہ اطلاعات فیک نیوز کی مانیٹرنگ کے ساتھ سندھ حکومت کے مثبت بیانیے کی موثر ترویج پر بھی توجہ دے۔

21

کے دونوں ہاتھ تقریباً 6 سے 7 گھنٹے تک ہتھکڑیوں میں جکڑے رہے۔ خواتین ملزمان کے مطابق دونوں ہاتھ ہتھکڑیوں میں جکڑے ہونے کے باعث پولیس وین میں سوار ہونے، اترنے، واش روم جانے اور دوپٹہ درست کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پولیس اہلکار مدد کے بہانے خواتین کو وین میں سوار کرواتے وقت پیچھے سے پکڑتے اور نیچے اتارتے ہوئے ان کے ہاتھ تھامتے تھے۔ وکلا کا احتجاج کرتے ہوئے کہنا تھا کہ آئین اور قانون تحت خواتین کو ہتھکڑیاں لگانا غیر آئینی، غیر قانونی، غیر اخلاقی، غیر اسلامی اور غیر انسانی عمل ہے جبکہ خواتین کو سزائے موت بھی نہیں دی جا سکتی۔ ایک سینئر وکیل شان زیب خان کے مطابق سی پی او راولپنڈی کی جانب سے یہ حکم جاری کیا گیا تھا، جو غلط تھا۔

22

کرنسی اور ہنڈی، حوالہ میں ملوث ایک اور ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران گرفتار ملزم کے قبضے سے ایک موبائل فون برآمد کیا گیا، جس میں غیر ملکی کرنسی کی خرید و فروخت اور غیر قانونی ہنڈی حوالہ سے متعلق بڑی تعداد میں اہم ڈیجیٹل شواہد اور قابل اعتراض مواد موجود تھا۔ ترجمان نے کہا کہ گرفتار ملزم کو برآمد شدہ موبائل فون سمیت مزید قانونی کارروائی کیلئے ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی کے تھانے منتقل کر دیا گیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان نے مزید بتایا کہ موبائل فون سے حاصل ہونے والے ڈیجیٹل شواہد کا مزید تکنیکی اور فرانزک تجزیہ کیا جا رہا ہے۔ ترجمان کے مطابق تحقیقات کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے غیر قانونی کرنسی کی خرید و فروخت اور ہنڈی حوالہ سرگرمیوں میں ملوث دیگر ممکنہ عناصر اور سہولت کاروں کا بھی سراغ لگایا جا رہا ہے۔

23

دشمن کی دراندازی کا منصوبہ مکمل طور پر ناکام بنا دیا۔ سیکیورٹی فورسز افغان سرزمین سے پاکستان کی حدود میں ہونے والی ہر دراندازی کا بروقت اور موثر جواب دینے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔

24

و امان کی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل، بنیادی سہولیات، سڑکوں، تعلیم، صحت اور دیگر ترقیاتی امور کا جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے علاقے میں پائیدار امن کے قیام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے انتظامیہ، سیاسی قیادت، قبائلی معتبرین اور عوام کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید موثر بنانے پر زور دیا۔ اس موقع پر ترقیاتی منصوبوں کو موثر انداز میں آگے بڑھانے، عوامی مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بارکھان میں امن و استحکام، عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی عمل کے فروغ کے لیے تمام طبقات باہمی تعاون سے اپنا کردار ادا کریں گے۔ جرگے کے انعقاد سے مختلف طبقات کو ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر علاقے کے امن، عوامی مسائل اور ترقی سے متعلق امور پر باہمی مشاورت کا موثر موقع فراہم ہوا۔

25

دہانہ سر کے مقام پر پہاڑ گرنے کے خدشے کے پیش نظر حفاظتی اقدامات اور ضروری کام شروع کیا جا رہا ہے، جس کے باعث مذکورہ روٹ پر دو روز تک ٹریفک کی آمد و رفت معطل رہے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے مسافروں اور ٹرانسپورٹرز سے اپیل کی ہے کہ 25 اور 26 ستمبر کے دوران ژوب، ڈیرہ اسماعیل خان روڈ پر سفر کرنے سے گریز کریں تاکہ کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار واقعے سے محفوظ رہا جا سکے۔ انتظامیہ کے مطابق قومی شاہراہ کی بندش کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے، تاہم حفاظتی کام مکمل ہونے کے بعد روڈ کو ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا۔

26

ہونے پر بلاتاخیر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے روہڑی کے سینئر صحافی نثار نازرک اور روہڑی پریس کلب کے سرنائب صدر محمد اسلم سومرو سے اپنے دفتر میں بات چیت کرتے ہوئے ایس ایس پی ریلوے کراچی ڈویژن خرم خورشید نے کہا کہ ریلوے پولیس کی بنیادی ذمہ داریوں میں مسافروں، ان کے سامان اور ریلوے اسٹیشنوں پر امن و امان کو یقینی بنانا شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ریلوے گاڑیوں میں سفر کرنے والے مسافروں کے تحفظ کے لیے گشت اور نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے جبکہ مشتبہ افراد کی سرگرمیوں پر خصوصی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے گاڑیوں میں اسمگلنگ یا کسی بھی غیر قانونی سامان کی منتقلی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ایسے عمل میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی ریلوے پولیس اہلکار اپنی مقررہ حدود میں ذمہ داری اور دیانت داری کے ساتھ فرائض سرانجام دیں اور مسافروں کے تحفظ کو اولین ترجیح بنائیں ایس ایس پی ریلوے نے مسافروں سے بھی اپیل کی کہ وہ دوران سفر اپنے قیمتی سامان، پرس اور موبائل فونز کی حفاظت کے حوالے سے غفلت سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ بعض اوقات مسافر موبائل فون چارجنگ پر لگا کر یا سیٹ پر رکھ کر آرام اور نیند کرتے ہیں، جس کے باعث چوری کے واقعات پیش آ سکتے ہیں خرم خورشید نے کہا کہ مسافروں اور ان کے سامان کی حفاظت ریلوے پولیس کی ذمہ داری ہے، تاہم مسافروں کو بھی احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہوں گی۔ مسافر اپنا قیمتی سامان محفوظ جگہ پر رکھیں، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء غفلت سے نہ چھوڑیں اور دوران سفر اپنے سامان پر نظر رکھیں انہوں نے مزید کہا کہ ریلوے پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی تمام ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے۔ کسی بھی شکایت، چوری یا مشتبہ واقعے کی صورت میں مسافر فوری طور پر ریلوے پولیس سے رابطہ کریں تاکہ بروقت قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ ایس ایس پی ریلوے کراچی ڈویژن نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اپنی اپنی حدود میں ریلوے ٹرینوں، پلیٹ فارمز اور اسٹیشنوں پر نگرانی کا نظام مزید موثر بنائیں اور مسافروں کی سہولت و تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

27

بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر نیویارک میں ہوئی۔ ملاقات کے دوران

پولیس اہلکاروں کی یونیفارم میں ٹک ٹاک ویڈیوز اور سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی عائد

محکمانہ معلومات یا ویڈیوز صرف پی آر او برانچ کے ذریعے جاری ہوں گی، نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (جی این ایم) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت نے پولیس افسران و اہلکاروں کی جانب سے یونیفارم میں ٹک ٹاک ویڈیوز بنانے اور بغیر اجازت سوشل میڈیا پر محکمانہ مواد شیئر کرنے پر پابندی عائد کرتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن میں تمام (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کی نیویارک میں ملاقات

ملاقات میں علاقائی و بین الاقوامی سلامتی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

نیویارک (جی این ایم) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کی نیویارک میں ملاقات ہوئی۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار، شہزادہ فیصل بن فرحان اور حاقان فیدان نے ملاقات میں مکہ دفاعی معاہدے کے تحت ادارہ جاتی ڈھانچے کے قیام کی جانب پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس کے علاوہ اس ملاقات میں علاقائی و بین الاقوامی سلامتی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔



کوئٹہ، پروفیشنل لائرز گروپ کے سربراہ حامد خان، حبیب اللہ ناصر ایڈووکیٹ، راحب بلیدی، سردار امان خان اور دیگر ہائیکورٹ بار روم میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

غیر مقیم سوشل میڈیا انفلوئنسرز کیلئے نئے ٹیکس قوانین نافذ کر دیئے گئے

سوشل میڈیا آمدن پر 5 فیصد ٹیکس وصول کرنے کا قانون نافذ کر دیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے نان ریزیڈنٹ سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے لیے ٹیکس رولز کی منظوری دے دی۔ وفاقی بورڈ آف (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

ایکسائز پولیس نصیر آباد کی بڑی کارروائی، بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے اسمگلر گرفتار

نوجوان نسل کو اس لعنت سے بچانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، جاوید احمد بلوچ

چھتر (جی این ایم) جاوید احمد بلوچ کی نگرانی میں ایکسائز پولیس نصیر آباد کی بڑی کارروائی، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، اسمگلر گرفتار تفصیلات کے مطابق ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس آفیسر نصیر آباد جاوید احمد بلوچ کی نگرانی میں ایکسائز پولیس نے منشیات کے خلاف بڑی کارروائی (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

اے این ایف کی ملک بھر میں کارروائیاں، 5 کروڑ روپے سے زائد مالیات کی منشیات برآمد

کارروائیوں کے دوران 3 خواتین سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے گئے ہیں' ترجمان

راولپنڈی (جی این ایم) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کراچی سمیت ملک بھر میں کارروائیوں کے دوران 5 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

ایران تنازع کے دوران یو اے ای پر سائبر حملوں کی یلغار

ان حملوں میں توانائی اور دیگر اہم قومی انفرا اسٹرکچر کو نشانہ بنانے کی کوششیں شامل تھیں' حکام

دبئی (جی این ایم) ایران تنازع کے دوران متحدہ عرب امارات کو بڑے پیمانے پر سائبر حملوں کا سامنا ہے اور اماراتی حکام کے مطابق صرف ایک دن میں 6 لاکھ 40 ہزار سائبر حملے ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ ان حملوں میں توانائی اور دیگر اہم قومی انفرا اسٹرکچر کو نشانہ بنانے کی کوششیں شامل تھیں۔ یو اے ای کے سائبر سکیورٹی کونسل کے سربراہ ڈاکٹر محمد الکویتی کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

دکی میں بھنگ کی کاشت کے خاتمے اور انسداد منشیات اقدامات کا جائزہ

بھنگ کی کاشت پر فوری کارروائی اور متعلقہ زمیندار کے خلاف قانونی اقدام کی ہدایت

دکی (خ ن): ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ نارکوٹکس کنٹرول سیل کمیٹی (DNCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع دکی میں بھنگ کی کاشت کے خاتمے کی مہم 2026 اور انسدادِ منشیات کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایس پی دکی منصور احمد بزدار، اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال، اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان ہنگرزئی، ایکسائز آفیسر محمد حسین کار، محکمہ زراعت کے نمائندگان، نائب تحصیلداران اور سکیورٹی اداروں (باقی صفحہ 3 نمبر 35)



حب، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو چیمبر آف کامرس کے صدر یعقوب کریم شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ٹرمپ کو ہزیمت، عدالتی حکم کے بعد پابندی کے شکار صحافیوں کی وائٹ ہاؤس میں واپسی

ٹرمپ نے خود پابندی کا اعلان کرتے ہوئے ان اداروں کی رپورٹنگ کو جھوٹا اور منفی قرار دیا تھا

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے وائٹ ہاؤس میں سی این این، ایم ایس این این اور پولیٹیکو کے صحافیوں کی رسائی پر عائد پابندی ختم کر دی گئی ہے۔ یہ پیش رفت ایک وفاقی جج کے اس حکم کے بعد ہوئی جس میں تینوں میڈیا اداروں پر پابندی کو بادی النظر میں آئینی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ان کے صحافتی اجازت نامے فوری طور پر بحال کرنے کا حکم (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

پشاور میں دہشتگردی کا خدشہ، سول سیکرٹریٹ خالی، ملازمین کو چھٹی دیدی گئی

شہر بھر میں سرکاری عمارتوں، دفاتر اور تنصیبات کی سکیورٹی بڑھادی ہے' پولیس

پشاور (جی این ایم) پشاور میں دہشتگردی کے خدشے کے پیش نظر سکیورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی۔ پشاور پولیس کے مطابق شہر میں دہشتگردی کا خدشہ ہے اور خطرے کے باعث شہر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سکیورٹی خدشات کے باعث سول سیکرٹریٹ خالی کر دیا گیا ہے اور سیکرٹریٹ کے تمام ملازمین کو چھٹی دے دی گئی ہے۔ پشاور پولیس کے مطابق شہر بھر میں (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

سعودی عرب میں تیل کے راستوں کی حفاظت کیلئے فوج اور دفاعی نظام بھیجیں گے' فرانس

فرانسیسی فوج سعودی عرب کے بحیرہ احمر کے ساحلی شہر ینبع کی حفاظت کے لیے تعینات ہوں گے' صدر میکرون

نیویارک (جی این ایم) فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں اپنی تقریر کے دوران سعودی عرب اپنی فوج بھیجنے کا اعلان کر دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے کہا ہے کہ ہم سعودی عرب کے بحیرہ احمر کے ساحلی شہر ینبع کی حفاظت کے لیے فوجی اہلکار، ریڈار اور دفاعی نظام بھیجیں گے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

لورالائی، زائد قیمت پر روٹی فروخت کرنے والے تندور مالکان کے خلاف کارروائی

ناجائز منافع خوری برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی پر سخت کارروائی جاری رہے گی

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے عوامی شکایات پر شہر کے مختلف بازاروں میں تندوروں اور ایرانی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران تندوروں کا معائنہ کیا گیا جہاں بعض تندور مالکان کی جانب سے روٹی 80 روپے فی عدد فروخت کیے جانے کی شکایات سامنے آئیں۔ عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر کارروائی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)



کوئٹہ، سیکریٹری محنت و افرادی قوت صالح محمد ناصر ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر خارتار علمدار روڈ کوئٹہ کی پیشرفت جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کاروباری ہفتے کے آخری روز اسٹاک مارکیٹ میں مثبت رجحان

کراچی (جی این ایم) کاروباری ہفتے کے آخری روز پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے دوران مثبت رجحان جاری ہے۔ کاروبار کے دوران کے ایس ای ہنڈریڈ انڈیکس میں 415 پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کے بعد ہنڈریڈ انڈیکس 1 لاکھ 70 ہزار 914 کی سطح (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

میر رضا کیس، تفتیشی ٹیم نے سپر میڈیکل بورڈ بنانے کی درخواست دینے کی تصدیق کردی

کراچی (جی این ایم) میر رضا کیس میں تفتیشی ٹیم نے سپر میڈیکل بورڈ بنانے کی درخواست دینے کی تصدیق کردی۔ میر رضا کیس کی تحقیقات کے سلسلے میں بنائے گئے جوڈیشل کمیشن کی کارروائی کے دوران تفتیشی ٹیم کی جانب سے سپر میڈیکل بورڈ بنانے کی درخواست دینے کی تصدیق کی گئی۔ کمیشن کے سربراہ نے کہا کہ 6 اگست کو سندھ حکومت بہت ایکٹو ہوگئی تھی، اتنی تیزی کبھی سڑکوں (باقی صفحہ 3 نمبر 42)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی چاگی کی معروف شخصیت شہید ملک کریم داد کے صاحبزادوں کو ان کے والد کی بے مثل سماجی و قومی خدمات کے اعتراف میں تعریفی خط پیش کر رہے ہیں

بلوچ یکجہتی کمیٹی کے ہاتھوں استعمال ہونے والے بیٹے اور بیٹی سے والد کا اعلانِ لاتعلقی

دہشت گرد تنظیم میرے 17 سالہ بیٹے سرفراز اور 12 سالہ زیرِ تعلیم بیٹی کو بہلا پھسلا کر اپنے ساتھ لے گئی، والد

کوئٹہ (جی این ایم) فتنہ الہندوستان کی پراکسی بلوچ یکجہتی کمیٹی کے دہشت گردوں سے اہلخانہ کی لاتعلقی کا سلسلہ جاری ہے۔ پسنی زاری کور کے رہائشی واحد بخش نے بلوچ یکجہتی کمیٹی کے ہاتھوں استعمال ہونے والے بیٹے اور بیٹی سے لاتعلقی کا اعلان کر دیا۔ پسنی کیز رہائشی واحد بخش (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

ایران کی فوجی طاقت نے امریکا کو حکمتِ عملی بدلنے پر مجبور کیا' پاسداران انقلاب

تہران (جی این ایم) ایرانی پاسداران انقلاب کے انٹیلی جنس یونٹ نے کہا ہے کہ ایران کی فوجی طاقت نے امریکا کو اپنی جنگی حکمتِ عملی تبدیل کرنے پر مجبور کر دیا۔ پاسداران انقلاب کے بیان کے مطابق امریکا نے اپنی افواج کو مختلف مقامات پر منتشر کرنا، فوجی ساز و سامان کو (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

جوہری ہتھیاروں کے خاتمہ کا عالمی دن آج منایا جائے گا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان سمیت دنیا بھر میں جوہری ہتھیاروں کے خاتمہ کا عالمی دن آج 26 ستمبر کو منایا جائے گا۔ اس دن کو منانے کا مقصد جوہری تجربات سے انسانی آبادی اور ماحولیات کو پہنچنے والے نقصانات کے بارے میں عام آدمی کو آگاہی فراہم کرنا تھا۔ واضح رہے کہ عالمی سطح پر ایٹمی ہتھیاروں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو روکنے کے لئے کئی اقدامات (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ 'جناح پیپلز ٹرین' عوام کی خدمت کے لیے تیار

شہریوں کے وقت اور سفری اخراجات میں نمایاں کمی آئے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ ٹرین یعنی 'جناح پیپلز ٹرین' کو عوام کی خدمت کے لیے تیار کر لیا گیا ہے اور اس سلسلے میں 32 کلومیٹر طویل ریلوے (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

آئی ایم ایف کا مختلف قوانین میں 174 ترامیم کا مطالبہ

پیر سے آئی ایم ایف وفد سے باقاعدہ مذاکرات کا آغاز ہوگا، سیکرٹری خزانہ

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے گورننس میں بہتری اور سبسڈی کے طریقہ کار سمیت مختلف قوانین میں 174 ترامیم کا مطالبہ کر دیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 3)



کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی کا ایف ڈی آئی پاکستان کی سربراہ عظمیٰ یعقوب کی قیادت میں ملنے والے وفد کیساتھ گروپ فوٹو

کوئٹہ، ماں نے چھری کے وار سے دو کمسن بچوں کو قتل کر کے خود کو بھی زخمی کر لیا

ایک سال اور بیس دن کے دونوں معصوم بچے جاں بحق، شدید زخمی خاتون کو اسپتال منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے علاقے چشمہ اچوزئی گورک بائی پاس پر ایک انتہائی دلخراش اور لرزہ خیز واقعہ پیش آیا ہے، جہاں ایک ماں نے مبینہ طور پر چھری کے پے در پے وار کر کے اپنے دو کمسن بچوں کے گلے کاٹ دیے، جس کے نتیجے میں دونوں معصوم بچے جاں بحق ہو گئے جبکہ خاتون نے خود کو بھی چھری کے وار سے شدید زخمی کر لیا۔ اطلاعات کے مطابق واقعہ گھریلو ناچاقی یا (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

نوجوانوں کو سکل ڈویلپمنٹ پروگرامز کے ذریعے حوصلہ افزائی دینی چاہیے، شعیب نوشیروانی

نوجوانوں کو ہنرمندی کے پروگرامز کے ذریعے بااختیار بنا کر معاشرے کی ترقی میں مؤثر کردار کیلئے تیار کیا جائے، شعیب نوشیروانی

وفاقی سطح کے فیصلوں پر صوبائی سطح پر مؤثر عملدرآمد اور ماہانہ پیش رفت رپورٹ مرتب کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت سوشو پولیٹیکل اسٹیئرنگ کمیٹی کا چوتھا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ حافظ محمد قاسم سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی وزیر خزانہ کو گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر ہونے والی پیش رفت اور مختلف اقدامات پر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس کمیٹی کے چیئرمین صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں، تعلیم اور ہنرمندی کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 6)



کوئٹہ، پوپلزئی قومی جرگہ کے زیر اہتمام یوم تاسیس کے موقع پر خان عبدالستار خان درانی، حاجی تیمور شاہ پوپلزئی، حیات اللہ درانی اور دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

امریکا کو جنگ کے خاتمے و آبنائے ہرمز کھولنے کا 7 روزہ پلان پیش کر دیا' عباس عراقچی

امریکی آمادگی کی صورت میں ایران تجاویز پر فوری عمل درآمد کے لیے تیار ہے' ایرانی وزیر خارجہ

نیویارک (جی این ایم) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ تہران نے امریکا کو جنگ کے خاتمے، آبنائے ہرمز کھولنے اور ایٹمی پروگرام پر جامع مذاکرات کے لیے 7 روزہ پلان پیش کر دیا۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مطابق صحافیوں سے گفتگو میں ان کا کہنا ہے کہ تجاویز امریکا اور ایران کے درمیان دستخط کی گئی مفاہمتی یادداشت سے مماثلت رکھتی ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

سعودی و اتحادی افواج متحد ہو کر حوثی حملوں کا مقابلہ کریں' مفتی اعظم

ریاض (جی این ایم) سعودی مفتی اعظم، چیئرمین مجلس علما کے سربراہ شیخ صالح بن فوزان الفوزان نے محاذ پر موجود سعودی و اتحادی افواج کو ہدایت کی ہے کہ متحد ہو کر حوثی حملوں کا مقابلہ کریں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی مفتی اعظم نے ایک بیان میں حوثی حملوں (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

گوادر میں ٹیچرز ڈے کی مرکزی تقریب ۵ اکتوبر کو گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول میں ہوگی

اساتذہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے ٹیچرز ڈے تقریب کے انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر تعلیم گوادر زاہد بلوچ کی زیر صدارت 5 اکتوبر کو ٹیچرز ڈے کے موقع پر ضلعی سطح پر مرکزی تقریب کے انعقاد اور انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے معاون وسیم صمد اور محکمہ تعلیم کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ٹیچرز ڈے کے حوالے سے مجوزہ پروگرام، انتظامی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

قلات دستکاری سینٹر میں مختلف فنی کورسز مکمل کرنے والی طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم

خواتین کو ہنرمند اور معاشی طور پر بااختیار بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں، ڈپٹی کمشنر قلات

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا ہے کہ حکومت خواتین کی فلاح و بہبود انہیں ہنرمند اور معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ خواتین کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت کی فراہمی سے انہیں باعزت روزگار کے مواقع میسر آ سکتے ہیں اور وہ اپنے خاندانوں اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

احتجاج ہر سیاسی جماعت کا جمہوری حق ہے، سالار خان

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سالار خان کاکڑ نے کہا ہے کہ احتجاج ہر سیاسی جماعت کا آئینی، سیاسی اور جمہوری حق ہے، پاکستان تحریک انصاف 27 ستمبر کو لانگ مارچ ہر صورت کامیاب بنائے گی اور اسلام آباد کی جانب روانہ ہوگی کہ ملک (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کیلئے مشاورت ہوئی ہے، فیصل کریم کنڈی

گورنر راج ماضی میں بھی لگے ہیں یہ کوئی غیر آئینی اقدام نہیں' پی ٹی آئی لانگ مارچ ختم کرنیوالی ہے' گورنر کے پی کے

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں گورنر راج کے لیے مشاورت ہوئی ہے، گورنر راج ماضی میں بھی لگے ہیں یہ کوئی غیر آئینی اقدام نہیں۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے لوگ اب راہ فرار اختیار کر رہے ہیں، پی ٹی آئی آج یا کل لانگ مارچ ختم کرنے کا اعلان کر دے گی۔ انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

پسنی کے گرلز مڈل سکول حیدر گوٹھ میں سائنس فیسٹیول، طالبات نے تخلیقی سائنسی ماڈلز پیش کیے

پسنی (جی این ایم) گورنمنٹ گرلز مڈل سکول حیدر گوٹھ پسنی میں طالبات کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور ماحولیاتی شعور کو فروغ دینے کے لیے سائنس فیسٹیول 2026 اور شجر کاری مہم کا انعقاد کیا گیا، جس میں طالبات اور اساتذہ نے بھرپور حصہ لیا سائنس فیسٹیول (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

وزیراعلیٰ سے ٹیوب ویل کی زمین واگزار کرانے کی اپیل

کوئٹہ (جی این ایم) کلی ملک عمر خان ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کے معتبرین کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں علاقے کے بنیادی مسائل، بالخصوص پینے کے صاف پانی کی شدید قلت اور سرکاری اراضی پر مبینہ قبضے کے معاملے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے شرکا نے وزیراعلیٰ بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

میر رضا کیس' پولیس نے ثبوت جلائے اور بیوروکریسی نے بورڈ بدلا، جوڈیشل کمیشن

پہلی تحقیقاتی ٹیم کے سربراہ ایس ایس پی سمیع اللہ سومرو نے 6 دن میں کیس کا بیڑہ غرق کیا، کمیشن سربراہ

کراچی (جی این ایم) میر رضا قتل کیس میں بنائے گئے جوڈیشل کمیشن کا کہنا ہے کہ پہلی تفتیشی ٹیم نے شواہد ضائع کیے اور ماتحتوں پر ملبہ ڈال دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز میر رضا کیس کے لیے بنائے گئے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس جسٹس عمر سیال کی سربراہی میں ہوئی۔ جوڈیشل (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

بلوچستان ہائی کورٹ کا بڑا فیصلہ، نادرا کی جانب سے شناختی کارڈز بلاک کرنے کا اقدام کالعدم

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان ہائی کورٹ کے معزز ڈویژن بینچ نے آئینی درخواست No.**C.P. 1162 / **2026 پر فیصلہ سناتے ہوئے نادرا کی جانب سے پٹیشنرز کے شناختی کارڈز کو یکطرفہ طور پر ڈیجیٹل طور پر بلاک (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نصیر آباد کا منشیات کے خلاف کارروائی

موٹر سائیکل کی سیٹ کے اندر مبینہ طور پر چھپا کر اندرونِ سندھ منتقل کی جانے والی 6 کلو آئس برآمد

تمبو (جی این ایم) ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نصیر آباد نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل کی سیٹ کے اندر مبینہ طور پر چھپا کر اندرونِ سندھ منتقل کی جانے والی 6 کلو آئس برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نصیر آباد کے ای ٹی او جاوید احمد بلوچ نے صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گرفتار ملزم آصف جمالی، رہائشی (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

امن و سیاسی استحکام طاقت کے زور پر نہیں لایا جا سکتا، پروفیسر حلیم صادق

کوئٹہ (جی این ایم) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کوئٹہ میں صحافیوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک اس وقت سیاسی، معاشی اور امن و امان (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

امریکا نے آبنائے ہرمز میں ایکس باکس کنٹرولرز سے چلنے والے لیزر ہتھیار نصب کر دیئے

یہ لیزر ہتھیار ڈرونز اور آنے والے کروز میزائلز کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں' میڈیا رپورٹس

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی فوج نے آبنائے ہرمز سمیت مشرقِ وسطیٰ میں جدید لیزر ہتھیار نصب کر دیے۔ یہ لیزر ہتھیار ڈرونز اور آنے والے کروز میزائلز کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ان ہتھیاروں کو فوجی اہلکار تبدیل شدہ ایکس باکس گیمنگ کنٹرولرز سے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

گوادر میں کاروباری سرگرمیوں اور ٹیکس محصولات کے فروغ کیلئے BRA، GPA میں تعاون پر اتفاق

گوادر (جی این ایم) گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے درمیان باہمی تعاون، گوادر میں کاروباری سرگرمیوں اور ٹیکس محصولات کے ممکنہ صلاحیت پر تبادلہ خیال کوئٹہ: چیئرمین (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

وزیراعظم کی پرنس رحیم آغا خان سے ملاقات، امن و ترقی کیلئے تعاون جاری رکھنے کا عزم

پرنس رحیم آغا خان پنجم نے کشیدہ علاقائی صورت حال میں امن و استحکام کے لیے وزیراعظم کی کوششوں کو سراہا

نیویارک (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے پرنس رحیم آغا خان سے ملاقات کی اور امن و ترقی کیلئے تعاون جاری رکھنے کا عزم ظاہر کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر پرنس رحیم آغا خان پنجم سے ملاقات کی، جس میں پاکستان کے ساتھ تعاون اور دیرینہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر گفتگو ہوئی۔ ڈیسکیمونٹی جوائن کریں (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

ایل این جی کی قیمت میں 3.91 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو تک کمی کر دی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل این جی کی قیمت میں بڑی کمی کر دی جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ اوگرا نے ستمبر کے لیے ایل این جی کی قیمت میں 21 فیصد سے زائد کی کمی کر دی (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

سندھ حکومت کا فیک نیوز کی روک تھام کے لیے این سی سی آئی سے مدد لینے کا فیصلہ

جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی بھی شخص یا ادارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی

کراچی (جی این ایم) سندھ حکومت نے فیک نیوز کی روک تھام کے لیے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی) سے مدد لینے کا فیصلہ کر لیا ہے' سیکریٹری اطلاعات اور محکمہ اطلاعات کے تمام شعبوں کے ڈائریکٹرز کو فیک نیوز کی مانیٹرنگ اور مؤثر میڈیا حکمت عملی بنانے کی ہدایت کر دی گئی۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت محکمہ اطلاعات (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

ایف آئی اے کی کارروائی، غیر قانونی کرنسی، حوالہ ہنڈی میں ملوث ملزم گرفتار

کراچی (جی این ایم) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے غیر قانونی کرنسی اور حوالہ ہنڈی کے خلاف کارروائی کے دوران ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق کارپوریٹ کرائم سرکل کراچی نے درج ایف آئی آر کے سلسلے میں لائٹ ہاس میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)



کوئٹہ، رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب ناصر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو بلوچستان انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ملاقات کر رہے ہیں

سرگودھا، ٹریلر کی زد میں آ کر موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق

سرگودھا (جی این ایم) سرگودھا میں ٹریلر کی زد میں آ کر موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو کے مطابق حادثہ دریائے جہلم پل کے قریب پیش آیا، موٹر سائیکل سلپ ہو کر گر گئی تھی جس کے باعث ٹریلر کی زد میں آ کر موٹر سائیکل سوار خاتون سمیت 3 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ لاشوں کو اسپتال (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

راولپنڈی' ملکی تاریخ میں پہلی بار خواتین ملزمان کو بھی ہتھکڑیاں پہنا دی گئیں

جیل سے کچہری اور واپس جیل تک خواتین ملزمان کے دونوں ہاتھ جکڑے گئے، رشتہ داروں اور وکلا کا شدید احتجاج

راولپنڈی (جی این ایم) راولپنڈی میں ملکی تاریخ میں پہلی بار خواتین ملزمان کو بھی ہتھکڑیاں پہنا دی گئیں جس پر خواتین ملزمان کے رشتہ داروں اور ڈسٹرکٹ بار ممبران کا شدید احتجاج کیا۔ تفصیلات کے مطابق اڈیالہ جیل سے کچہری اور واپس جیل تک خواتین ملزمان (باقی صفحہ 3 نمبر 21)



کوئٹہ، ایڈیشنل سیکریٹری خزانہ فخر الدین پبلک سیکٹر آرگنائزیشن اور اسٹیٹ اون انٹرپرائزز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چمن سیکٹر پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام، متعدد افغان طالبان ہلاک

پاک افواج نے جارحیت کرنے والی افغان طالبان رجیم کی پوسٹوں کو کواڈ کاپٹر اور مارٹر فائر سے ملیا میٹ کر دیا

سیکیورٹی فورسز پاکستان کی حدود میں ہونے والی ہر دراندازی کا بروقت اور موثر جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار

اسلام آباد (جی این ایم) پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، جس میں متعدد افغان طالبان ہلاک ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق چمن سیکٹر میں پاک افغان سرحدی علاقے پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، اس کارروائی میں متعدد افغان طالبان ہلاک ہوئے۔ ذرائع نے بتایا کہ افغانستان کی جانب سے چمن سیکٹر پر جارحیت کی کوشش کی گئی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے بروقت جوابی کارروائی کی۔ پاک فوج نے اشتعال انگیز فائرنگ کا موثر اور بھرپور جواب دے کر دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاک افواج نے موثر کارروائی کرتے ہوئے جارحیت کرنے والی افغان طالبان رجیم کی پوسٹوں کو کواڈ کاپٹر اور مارٹر فائر سے ملیا میٹ کر دیا۔ پاکستانی افواج کی جوابی کارروائی نے افغان طالبان جیسے مکار (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

اسحاق ڈار کی بحرینی ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

نیویارک (جی این ایم) نیویارک میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی و عالمی صورتحال اور باہمی تعاون (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

اسمگلنگ اور جرائم پیشہ سرگرمیوں کے خلاف سخت نگرانی کی جائے، خرم خورشید

2۔ ریلوے مسافروں کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جائے، ایس ایس پی ریلوے کراچی ڈویژن

سکھر (اسلم سومرو) ایس ایس پی ریلوے کراچی ڈویژن خرم خورشید نے کراچی ڈویژن کے 8 ریلوے تھانوں کے پولیس افسران اور اہلکاروں کو ہدایت کی ہے کہ ریلوے گاڑیوں، اسٹیشنوں اور پلیٹ فارمز پر مسافروں کی آمد و رفت کے دوران کسی بھی قسم کی اسمگلنگ، غیر قانونی سرگرمی یا جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی پر کڑی نظر رکھی جائے اور کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی نشاندہی (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ژوب، لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ، قومی شاہراہ 25 اور 26 ستمبر کو مکمل بند رکھنے کا فیصلہ

ژوب (جی این ایم) ژوب ڈیرہ اسماعیل خان قومی شاہراہ پر دہانہ سر کے مقام پر لینڈ سلائیڈنگ کے باعث شاہراہ کو 25 اور 26 ستمبر کے دوران مکمل طور پر بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ ژوب کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

بارکھان میں امن و امان، عوامی مسائل اور ترقیاتی منصوبوں پر اہم جرگہ منعقد

بارکھان میں پائیدار امن اور عوامی مسائل کے حل کیلئے باہمی تعاون بڑھانے پر زور

بارکھان (خ ن) بارکھان میں امن و امان کی صورتحال، عوامی مسائل اور جاری و زیر غور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم جرگہ منعقد ہوا، جس میں علاقے کی مجموعی صورتحال اور درپیش مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ جرگے میں کمانڈنٹ کوہلو لیفٹیننٹ کرنل بارکھان محمد یونس، ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ، ایس پی بارکھان عبدالحق، مختلف سیاسی جماعتوں کے سربراہان و نمائندگان، سرکاری افسران اور قبائلی معتبرین نے شرکت کی۔ جرگے میں بارکھان میں امن (باقی صفحہ 3 نمبر 24)



کوئٹہ، سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں